Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 — بدھ، 13 اپریل 2022ء، 11 رمضان المبارک 1443ھ، 30 چیت 2079ب، قیمت 20 روپے — شمارہ 06

سازش کے ذریعے امپورٹڈ حکومت ہم پر مسلط کی گئی، عمران خان

قوم اپنی آزادی اور جمہوریت کی حفاظت خود کرتی ہے کوئی فوج یا باہر کی قوت نہیں، پشاور کے لوگوں کل آپ کے پاس آرہا ہوں، عمران خان کا ویڈیو پیغام

اسلام آباد (حمزہ لطیف) سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ایک سازش کے ذریعے امپورٹڈ حکومت ہم پر مسلط کی گئی، قوم اپنی آزادی اور جمہوریت کی حفاظت خود کرتی ہے کوئی فوج یا باہر کی قوت نہیں۔ اپنے ویڈیو پیغام میں عمران خان نے کہا ہے کہ پشاور کے لوگوں کل آپ کے پاس آرہا ہوں، سازش کے ذریعے ایک امپورٹڈ حکومت ہم پر مسلط کی گئی، سازش کے ذریعے حکومت (بقیہ نمبر 1)

قازقستان کے نائب وزیر دفاع/ چیف آف جنرل سٹاف، لیفٹیننٹ جنرل حسیوف مارات رخیموو چ، چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی سے ملاقات کر رہے ہیں

قازقستان کے فرسٹ ڈپٹی ڈیفنس منسٹر کا نیول ہیڈکوارٹرز کا دورہ

باہمی دلچسپی کے امور بشمول دوطرفہ تعاون اور علاقائی سیکیورٹی پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) قازقستان کے فرسٹ ڈپٹی ڈیفنس منسٹر اور مسلح افواج کے چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل حسیوف مارات رخیموو چ نے نیول ہیڈکوارٹرز اسلام آباد کا دورہ کیا۔ نیول ہیڈکوارٹرز اسلام آباد آمد پر چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے معزز مہمان کا استقبال کیا۔ ملاقات کے دوران دونوں معززین نے باہمی دلچسپی کے امور بشمول دوطرفہ تعاون اور علاقائی سیکیورٹی پر تبادلہ خیال کیا ۔معزز مہمان (بقیہ نمبر 2)

بینکوں کے خلاف شکایات میں اضافہ ہوا، بینکنگ محتسب

بینکنگ محتسب کو پہلی سہ ماہی کے دوران بینکوں کے خلاف 8 ہزار 845 شکایات موصول ہوئیں

کراچی (این این آئی) بینکوں کی جانب سے جدید ترین ٹیکنالوجیز متعارف کروانے کے باوجود، صارفین کی شکایات میں فیصد اضافہ ہوا۔ بینکنگ محتسب کو پہلی سہ ماہی کے دوران بینکوں کے خلاف 8 ہزار 845 (بقیہ نمبر 11)

شہباز شریف کو ’’ہینڈسم‘‘ وزیراعظم قرار دیدیا گیا

اس خوشی میں ان کے اعزاز میں ایک ویڈیو بنا کے بھی پوسٹ کی جائے، مریم نواز کا شفاعت علی سے مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم عمران خان کے بعد اب نومنتخب وزیراعظم شہباز شریف کو بھی ’ہینڈسم وزیراعظم‘ قرار دے دیا گیا ہے۔شہباز شریف کو یہ خطاب معروف کامیڈین و میزبان شفاعت علی (بقیہ نمبر 4)

امونیا گیس لیک ہونے سے ایک شخص جاں بحق

80 سے زائد کی حالت غیر، کباڑیہ کی دکان میں سلنڈر کی کٹائی کے دوران امونیا گیس کا اخراج شروع ہوا

حافظ آباد (این این آئی) گوجرانوالہ روڈ کے قریب کباڑیہ کی دکان میں سلنڈر کی کٹائی کے دوران امونیا گیس لیک ہوگئی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق گوجرانوالہ روڈ پر کباڑیہ کی دکان میں سلنڈر کی کٹائی کے دوران (بقیہ نمبر 3)

شہباز شریف کو وزیراعظم ہاؤس آمد پر گارڈ آف آنر پیش، مبارکباد دینے پر نریندر مودی کا شکریہ

قومی اقتصادی کونسل تشکیل دینے کا فیصلہ

مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے نومنتخب وزیراعظم کو گارڈ آف آنر پیش کیا، وزیراعظم نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا، گارڈ آف آنر کے معائنے کے بعد وزیراعظم ہاؤس کے عملے سے تعارف کرایا گیا

وزیراعظم مقررہ سرکاری دفتری اوقات سے پہلے دفتر پہنچے، سرکاری دفاتر کے اوقات کار میں تبدیلی، دفتر 10 بجے کے بجائے صبح 8 بجے کام شروع کریں گے، ایک تعطیل ایک ہوگی

ہماری ترجیح مہنگائی پر قابو پا کر عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہے، ہم سب مل کر پاکستان کو عظیم قوم بنائیں گے، دیگر ممالک سے باہمی احترام اور برابری کی بنیاد پر تعلقات استوار کریں گے

پاکستان بھارت کے ساتھ پرامن اور مبنی برتعاون تعلقات کا خواہاں ہے، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے تہنیتی پیغام پر بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (حاجی ندیم) نومنتخب وزیراعظم شہباز شریف کی وزیراعظم ہاس آمد پر انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔وزیراعظم ہاس آمد پر وزیراعظم شہباز شریف کو مسلح افواج کے چاق وچوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ نومنتخب وزیراعظم نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا۔شہباز شریف گزشتہ روز پاکستان کے 23ویں وزیراعظم منتخب ہوئے تھے۔وزیراعظم شہباز شریف کا بیان میں کہنا تھا کہ ہماری ترجیح مہنگائی پر قابو پاکر (بقیہ نمبر 10)



قازقستان کے نائب وزیر دفاع/ چیف آف جنرل سٹاف، لیفٹیننٹ جنرل حسیوف مارات رخیموو چ، سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کر رہے ہیں

قازقستان کے نائب وزیر دفاع کی سربراہ پاک فضائیہ سے ملاقات

لیفٹیننٹ جنرل حسیوف مارات رخیموو چ نے پیشہ ورانہ مہارت اور ایوی ایشن انڈسٹری میں خود انحصاری کی طرف گامزن پاک فضائیہ کی تعریف کی

پاکستان اور ریپبلک آف قازقستان کے مابین دیرینہ مذہبی، ثقافتی اور تاریخی رشتہ قائم ہے، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) قازقستان کے نائب وزیر دفاع/ چیف آف جنرل سٹاف، لیفٹیننٹ جنرل حسیوف مارات رخیموو چ نے آج سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے انکے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں معززین نے پیشہ ورانہ اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ لیفٹیننٹ جنرل حسیوف مارات رخیموو چ نے پیشہ ورانہ مہارت اور ایوی (بقیہ نمبر 5)

وزیراعظم شہباز شریف آج کراچی کا ایک روزہ دورہ کرینگے

اتحادی جماعتوں کے سربراہاں کے ہمراہ مزار قائد پر حاضری دیں گے

اسلام آباد (رانا فہد نذیر) وزیراعظم میاں شہباز شریف (آج) بدھ 13 اپریل کو کراچی کا ایک روزہ دورہ کریں گے، کراچی میں وزیر اعظم شہباز شریف اتحادی جماعتوں کے سربراہاں کے ہمراہ مزار قائد پر حاضری دیں گے، وزیراعظم شہباز شریف کے مزار قائد کے دورے کا مقصد پاکستان کی تعمیر وترقی کیلئے قائداعظم کے وضع کردہ سنہری اصولوں (بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم کی تقریب حلف برداری، شہباز شریف کی اچکن بھی موضوع بحث بنی رہی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی تقریب حلف برداری کے دوران شہباز شریف کی اچکن بھی موضوع بحث بنی رہی۔ گزشتہ روز وزیراعظم شہباز شریف کی تقریب حلف برداری کی تقریب اسلام آباد (بقیہ نمبر 7)

چنیوٹ، ڈپٹی کمشنر عاصم جاوید رمضان بازار میں اشیاء کی دستیابی اور معیار کا جائزہ لے رہے ہیں

پرویز الٰہی کو پنجاب کا وزیراعلیٰ بنانا اب مشکل ہے، آصف زرداری

(ق) لیگ کے وفد کی آصف علی زرداری سے ملاقات، وزارت اعلیٰ کے امیدوار پرویز الٰہی سے تعاون کی درخواست

پرویز الٰہی کو وزیراعلیٰ بنانے کا فیصلہ کرلیا تھا مگر چوہدری پرویز الٰہی نے پھرتی دکھائی اور بنی گالا جا پہنچے، آصف علی زرداری کا مسکراتے ہوئے جواب

اسلام آباد (روبینہ فیصل) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے وفد نے سابق وفاقی وزیر طارق بشیر چیمہ کی سربراہی میں سابق صدر اور پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری سے ملاقات کی اس موقع پر مسلم لیگ (ق) کے صدر چوہدری شجاعت حسین کے صاحبزادے چوہدری سالک حسین بھی موجود تھے ۔ ملاقات میں آصف علی زرداری نے تحریک عدم اعتماد کی کامیابی میں (بقیہ نمبر 9)

الیکشن کے روز (ن) لیگ کو ہم سرپرائز دیں گے، راجہ بشارت

پرویز الٰہی ہر مشکل وقت میں عمران خان کے ساتھ کھڑے رہے ہیں، سابق صوبائی وزیر قانون

لاہور (این این آئی) سابق وزیر قانون پنجاب راجہ بشارت نے کہا ہے کہ الیکشن کے روز ن لیگ کو ہم سرپرائز دیں گے، پرویز الٰہی ہر مشکل وقت میں عمران (بقیہ نمبر 8)

پاکستان کے امریکہ سمیت کئی ممالک سے سفارتی تعلقات متاثر ہونگے

سفارتی کیبل سے زیادہ سیاسی بیانات سے نقصان پہنچا، کیبل میں فوری کوئی حقیقت یا خطرے اور پریشانی کی بات ہوتی تو سپریم کورٹ اس کو ضرور سنجیدہ لیتی

چین کے ساتھ بہتر تعلقات اور امریکہ کے ساتھ برابری کی سطح پر بات کرنے کی کوشش کا خمیازہ تو پاکستان پہلے ہی بھگت رہا ہے، ہما بقائی، مشرف زیدی، ڈاکٹر قندیل عباس

اسلام آباد (مدثر الیاس کیانی) ماہرین نے کہا ہے کہ پاکستان کو مبینہ دھمکی آمیز خط کے معاملے پر عمران خان کے بیانیے سے پاکستان کے امریکہ سمیت کئی ممالک سے سفارتی تعلقات متاثر ہونگے، سفارتی کیبل سے زیادہ سیاسی بیانات سے نقصان پہنچا، کیبل میں فوری کوئی حقیقت یا خطرے اور پریشانی کی بات ہوتی تو سپریم کورٹ اس کو ضرور سنجیدہ لیتی، چین کے ساتھ بہتر تعلقات اور امریکہ کے ساتھ برابری کی سطح پر بات کرنے کی کوشش کا خمیازہ تو پاکستان پہلے ہی بھگت رہا ہے۔ بی بی سی کے مطابق قائد اعظم یونیورسٹی کے شعبہ سیاسیات اور بین الاقوامی تعلقات سے منسلک ڈاکٹر قندیل عباس نے کہا کہ پہلے پاکستانی وزیراعظم سے آج کے وزیر اعظم تک امریکہ کا پاکستان کی سیاست میں ملوث ہونا ہمیشہ زیر بحث رہا (بقیہ نمبر 21)

یوٹیلٹی اسٹورز کو چینی کی خریداری میں مشکلات کا سامنا

50 ہزار میٹرک ٹن چینی کا مسلسل تیسرا ٹینڈر جاری کر دیا گیا، ذرائع

کراچی (این این آئی) یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن کو مقامی سطح پر چینی کی خریداری میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن نے 50 ہزار میٹرک ٹن چینی کا مسلسل تیسرا ٹینڈر جاری کر دیا۔ ذرائع نے بتایا کہ ایک لاکھ (بقیہ نمبر 12)

چنیوٹ، ڈپٹی کمشنر عاصم جاوید یونیوافسران سے ماہانہ میٹنگ کر رہے ہیں

گورنر پنجاب کا عثمان بزدار سے ٹیلی فونک رابطہ

حکومت اوچھے ہتھکنڈوں اور انتقامی کارروائیوں پر اتر آئی ہے

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب عمر سرفراز چیمہ نے نگران وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار سے ٹیلی فونک رابطہ کر کے تحریک انصاف کی سوشل میڈیا ٹیم کو ہراساں کرنے کے واقعہ کی مذمت کی ۔گورنر پنجاب نے نگران وزیر اعلی پنجاب کو واقعہ کی (بقیہ نمبر 26)

تحریک صوبہ ہزارہ کے چیئرمین سردار محمد یوسف این پی سی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سرگودھا، شہری سے بھاری رقم چھین کر فرار ہونے والا ڈکیت گروہ گرفتار

سرگودھا (عبدالقیوم) سرگودھا میں دن دیہاڑے شہری سے 39 لاکھ سے زائد رقم چھین کر مزاحمت پر فائرنگ سے زخمی کر کے فرار ہونے والے تین رکنی ڈکیت گروہ کو گرفتار کرلیا اور ان سے چھینی گئی رقم برآمد کر کے متعلقہ پولیس مصروف تفتیش ہے۔ جن کی (بقیہ نمبر 14)

بہاولنگر، خاتون سیوریج لائن میں گر کر، جاں بحق ہوگئی

نعش کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا

بہاولنگر (این این آئی) نواحی گاؤں میں خاتون سیوریج لائن میں گر کر، جاں بحق ہوگئی ۔جواں سالہ خاتون کی شناخت 30 سالہ روبینہ کے نام سے ہوئی، واقعہ تھانہ بخشن خان کی حدود میں پیش آیا، جہاں روبینہ گھر سے بازار جارہی تھی کہ کھلے مین ہول (بقیہ نمبر 13)

شہزاد اکبر اور شہباز گل کا نام اسٹاپ لسٹ میں ڈالے جانے کا حکم معطل

عدم اعتماد کی کارروائی مکمل بھی نہیں ہوئی تھی اس رات نام اسٹاپ لسٹ میں کس نے ڈالا؟

امپورٹڈ حکومت کی جانب سے انتقامی کارروائیوں کا آغاز ہو گیا ہے، شہزاد اکبر کی گفتگو

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہزاد اکبر اور شہباز گل کے نام اسٹاپ لسٹ میں شامل کرنے کا آرڈر معطل کردیا۔عمران خان کے سابق مشیر شہزاد اکبر اور سابق معاون خصوصی شہباز گل ایف آئی اے کی جانب سے نام واچ لسٹ میں شامل کرنے کے اقدام کو عدالت میں چیلنج کرنے کیلئے اسلام آباد ہائیکورٹ پہنچے جہاں دونوں رہنماؤں نے درخواستیں دائر (بقیہ نمبر 27)

موجودہ حکومت چند ہفتوں میں الیکشن کروالے گی، حماد اظہر

یہ لوگ عوام کے پاس گئے تو ان کی ضمانتیں ضبط ہوجائیں گی

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر حماد اظہر نے دعویٰ کیا ہے کہ موجودہ حکومت چند ہفتوں میں الیکشن کروا لے گی۔ میڈیا (بقیہ نمبر 22)

تحریک انصاف پنجاب نے مختلف ڈویژنز کے اجلاس طلب کر لئے

اجلاس 90 شاہراہ قائد اعظم پر منعقد ہوں گے، آئندہ کی سیاسی حکمت عملی پر مشاورت کی جائے گی

پارٹی کے عہدیدار، کارکنان عمران خان کی ہر کال پر لبیک کہنے کیلئے ہر لمحے تیار ہیں، سیکرٹری اطلاعات مسرت چیمہ

لاہور (ہادی حسین سے) تحریک انصاف پنجاب نے مختلف ڈویژنز کے اجلاس طلب کر لئے ۔اجلاس 90 شاہراہ قائداعظم پر منعقد ہوں گے جس میں آئندہ کی سیاسی حکمت عملی پر مشاورت اور لائحہ عمل طے کیا جائے گا ۔آج (بدھ) ڈی جی خان، بہاولپور اور ساہیوال ڈویژن جبکہ 14 اپریل بروز جمعرات کو گوجرانوالہ ، لاہور اور فیصل آباد ڈویژنز کے اجلاس ہوں گے۔ اسی روز (بقیہ نمبر 15)

سرگودھا پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی

منشیات فروش و ناجائز اسلحہ رکھنے والے 10 افراد گرفتار، چرس، ہیروئن اور کلاشنکوف برآمد

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا پولیس نے منشیات فروشوں و ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 افراد گرفتار کر کے (بقیہ نمبر 23)

متروکہ وقف املاک بورڈ کے سینئر افسران سکھ یاتریوں کے جتھے کے لیڈر کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں

سرگودھا، نوجوان نے گلے میں پھندہ ڈال کر خودکشی کر لی

سرگودھا (این این آئی) 25 سالہ نوجوان نے گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کرلی، جس کی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے سپرد کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے ریجن علاقہ خان والا میں 25 سالہ نوجوان نصراللہ نے (بقیہ نمبر 28)

پنجاب حکومت نے گاڑیوں کی اضافی قیمت ٹیوٹا موٹرز کو ادا کردی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے گاڑیوں کی اضافی قیمت ٹیوٹا موٹرز کو ادا کردی، پنجاب حکومت سے ٹیوٹا موٹرز نے ایک لاکھ فی کس گاڑی مانگا تھا، پنجاب حکومت نئے آنے والے وزرا کو نئی گاڑیاں دینے کا پلان بنا رکھا ہے۔ نجی ٹی وی کے (بقیہ نمبر 30)

حساس ادارے کیخلاف ٹرینڈ چلانے والا شخص گرفتار

ملزم نے سوشل میڈیا پر 22 اکاؤنٹس بنا رکھے تھے، ایف آئی اے

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے نے لاہور کے علاقہ سبزہ زار میں چھاپہ مار کر حساس ادارے کے خلاف ٹرینڈ چلانے والے ایک شخص کو گرفتار کرلیا، مختلف شہروں میں بھی آپریشن کر کے 8 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ ایف آئی اے نے لاہور (بقیہ نمبر 29)

لاہور، لڑکیاں دھوپ سے بچنے کے لئے عینکیں خرید رہی ہیں

عمران اسماعیل نے گورنر کے عہدے کا چارج نہیں چھوڑا، ذرائع

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ عمران اسماعیل نے فی الحال عہدے کا چارج نہیں چھوڑا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ عمران اسماعیل کے اہل خانہ گورنر ہاؤس میں ہی مقیم ہیں، گورنر ہاؤس سے عمران اسماعیل اور (بقیہ نمبر 17)

حلف اٹھانے کے بعد وزیراعظم شہباز شریف کی ٹوئٹر بائیو تبدیل

’’پرائم آف منسٹر آف اسلامک ری پبلک آف پاکستان‘‘ لکھ دیا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے 23 ویں وزیراعظم شہباز شریف کی ٹوئٹر بائیو تبدیل ہوگئی۔ شہباز شریف کی ٹوئٹر بائیو میں حلف اٹھانے کے بعد ’پرائم آف منسٹر آف اسلامک ری پبلک آف پاکستان لکھ دیا گیا ہے۔وزیراعظم شہباز شریف کے ٹوئٹر اکاؤنٹ پر اس وقت 5 اعشاریہ 7 ملین فولوورز ہیں، سابق وزیراعظم عمران خان کے (بقیہ نمبر 16)

عمران خان کی تصویر پی سی بی کی ویب سائٹ سے ہٹادی گئی

لاہور: (اے ایف بی) وزارت عظمیٰ کے عہدے کی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد میاں شہباز شریف پاکستان کرکٹ بورڈ کے پیٹرن انچیف بھی بن گئے ہیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کی ویب سائٹ اور دفتر سے سابق وزیراعظم عمران خان کی تصویر ہٹادی گئی (بقیہ نمبر 18)

رمضان بازاروں میں ناقص، اشیا کی فروخت کا نوٹس

پرائس کنٹرول مجسٹریٹ نے اچانک چھاپہ مار کر مالکان کو جرمانے کر دیئے

سرگودھا (راحیلہ یوسف) ڈپٹی کمشنر سرگودھا نے رمضان بازاروں میں ناقص اور مہنگے داموں اشیا کی فروخت کا نوٹس لیتے ہوئے کارروائی کا حکم دیا جس پر پرائس کنٹرول مجسٹریٹ نے اچانک چھاپہ مار کر متعدد دکانداروں مالکان کو جرمانے کر دیئے اور ہدایت کی کہ صارفین کو معیاری اور سستی اشیا ضروریہ اور خورد و نوش کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے گا ،اسی طرح (بقیہ نمبر 19)

عمران خان کو ملک کی برباد ہوتی معیشت کی وجہ سے ہٹایا گیا

پنجاب میں ہر عہدے کے ریٹ فکس تھے، بڑے بڑے سودے یہاں ہوتے تھے اور پیسے باہر ممالک اکاؤنٹ میں جمع ہوتے تھے

ڈپازٹ سلپ دکھانے پر کام ہوجاتا تھا، جادو ٹونے اور پیر فقیر سب کو کام پر لگایا ہوا تھا کہ کلیکشن کرتے رہو، سعید غنی

کراچی (این این آئی) سندھ کے وزیر اطلاعات سعید غنی نے کہا ہے کہ عمران خان کو ملک کی برباد ہوتی معیشت کی وجہ سے ہٹایا گیا، ان کو ہٹانے کا مقصد معیشت کو بحال کرنا تھا۔ منگل کو سندھ اسمبلی میں شہلا رضا اور وقار مہدی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے سعید غنی نے کہا کہ ڈیڑھ سال میں جو ضمنی الیکشن ہوئے اس میں پی ٹی آئی کا کیا حشر ہوا؟ نیب نیازی گٹھ جوڑ کے ذریعے مخالفین کے خلاف جھوٹے مقدمات بنائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ٹی کیس، بلین ٹری سونامی کیس اور مالم جبہ کیس میں کچھ نہیں کیا، جب ان کے وزراء کی کرپشن سامنے آئے (بقیہ نمبر 31)

تحریک انصاف پنجاب کے صدر شفقت محمود اور سیکرٹری اطلاعات مسرت چیمہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نئی حکومت انتقام نہیں حساب لے گی، مریم نواز

ایل این جی، بلین ٹری سونامی اور دواں سمیت تمام اسکینڈلز کا حساب لیا جائے گا

اللہ کا شکر ہے ملک کی جان اس نالائق ترین حکومت سے چھوٹ گئی

اسلام آباد (آئی آئی پی) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز کا کہنا ہے کہ نئی حکومت انتقام نہیں حساب لے گی۔ ایل این جی، بلین ٹری سونامی اور دواں سمیت تمام اسکینڈلز کا حساب لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے ملک کی جان اس نالائق ترین حکومت سے چھوٹ گئی ،مریم نواز کا کہنا تھا کہ اسے پرانی مسلم لیگ (ن) نہ سمجھیں، اگر فتنہ (بقیہ نمبر 24)

باقاعدہ ورزش، کینسر کے چنگل سے بھی بچا جاسکتا ہے، تحقیق

کراچی (این این آئی) ماہرین صحت نے کہا ہے کہ اگرچہ کینسر کے مریضوں کے لیے ورزش کرنا وبال ہوتا ہے لیکن اگر اس بلا سے پہلے ہی ورزش کی عادت بنالی جائے تو سرطان کے خطرے کو دور کیا جاسکتا ہے۔اب نیوکاسل یونیورسٹی کے سائنسدانوں نے ثابت کیا ہے کہ باقاعدہ ورزش ہمارے جسم پر کئی طرح کے مثبت اثرات مرتب کرتی (بقیہ نمبر 20)

سابق وزراء کو آلاٹ کئے گئے چیمبرز منسوخ، تختیاں بھی ہٹادیں

وزیراعظم چیمبر میں شہباز شریف کی تصویر لگا دی گئی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے تحریک انصاف حکومت کے خاتمے کے بعد سابق وزراء کو الاٹ کئے گئے چیمبرز منسوخ کر کے ان کے ناموں کی تختیاں ہٹادی ہیں جبکہ وزیراعظم چیمبر میں وزیراعظم شہباز شریف کی تصویر لگادی (بقیہ نمبر 25)

صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود کا مسجد نبوی کے انچارج ابراہیم الغامدی استقبال کر رہے ہیں

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
ایڈیٹوریل ایڈیٹر: روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

ملک کے 23 وزیر اعظم کا انتخاب

قومی اسمبلی کے تہلکہ خیز اجلاس میں ملک کے 23 وزیر اعظم کا انتخاب عمل میں آ گیا۔ تحریک انصاف کی طرف سے شاہ محمود قریشی دھواں دھار تقریر کے بعد نہ صرف قومی اسمبلی کی رکنیت سے مستعفی ہوئے بلکہ وزارت عظمیٰ کے امیدوار کی حیثیت سے بھی دستبردار ہو گئے۔ اس سے پہلے ڈپٹی سپیکر قاسم سوری نے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے تحریک عدم اعتماد کو مسترد کرنے کے اپنے فیصلے کا دفاع اور سپریم کورٹ کے فیصلے کے احترام کا اعلان کیا۔ انہوں نے ملکی سیاست میں غیر ملکی مداخلت کی جاری بحث میں سابق وزیر اعظم عمران خان کے بیان کندہ مراسلہ کو بھی تذکرہ کیا۔ ڈپٹی سپیکر نے وزیر اعظم کے انتخابی عمل سے احتجاجاً غیر متعلق رہنے کا اعلان کرتے ہوئے اپنی نشست پینل آف چیئرمین ایاز صادق کے حوالے کی۔ دریں اثنا امیدوار برائے وزارت عظمیٰ شاہ محمود قریشی کے ساتھ تحریک انصاف کے ارکان قومی اسمبلی کی بھاری اکثریت ایوان سے باہر چلی گئی۔ اس صورتحال کا خوش کن امر یہ رہا کہ پینل آف چیئرمین ایاز صادق نے وزارت عظمیٰ کے لیے آئینی طریقہ کار کے تحت انتخابی عمل کو مکمل کیا جس کے نتیجے میں شہباز شریف 174 ووٹ لے کر کامیاب ٹھہرے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کو وزارت عظمیٰ مبارک تاہم جن حالات میں انہیں یہ ذمہ داری تفویض ہوئی ہے۔ انہیں کسی صورت آرام دہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ نومنتخب وزیر اعظم نے انتہائی ولولہ انگیز احساسات سے مزین اشعار کی مدد سے جن خیالات کا اظہار کیا ہے وہ ہر لحاظ سے لائق ستائش اور قابل تقلید ہیں۔ وزیر اعظم نے اپنے خطاب میں انتہائی جامع انداز میں ملک کی اندرونی و بیرونی صورتحال پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے عام آدمی کے مسائل پر گفتگو کے ساتھ معاشی میدان میں درپیش مشکلات کا تذکرہ بھی کیا۔ اس ضمن میں کم از کم تنخواہ 25 ہزار مقرر کرنے، پینشن میں 10 فیصد اضافے، بے نظیر انکم سکیم کو بحال کرنے جیسے اعلانات بھی کیے۔ امریکا سے تعلقات، بھارت سے روابط اور افغانستان کی صورتحال کو خطاب کا حصہ بنایا۔ چین سے فقید المثال دوستی پر فخر کا اظہار کیا، سعودی عرب، ایران، متحدہ عرب امارات، ترکی جیسے برادر ممالک سے تعلقات میں وسعت لانے کا عزم ظاہر کیا۔ ملک کی داخلی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے سیاست میں اتحاد و ہم آہنگی کے جذبے کو فروغ دینے کی سوچ ظاہر کی جبکہ عام آدمی کو مشکل حالات سے نکالنے کے لیے دن رات کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

آئین سے پنگا نہیں ہے چنگا

اُمید سحر
محمد ریاض
riazsurge@gmail.com

پاکستان کی آئینی و سیاسی تاریخ اتنی خوشگوار نہیں رہی۔ ... 1947 ... 1956 ... 1962 ... 1971 ... 1973 ...

مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کی یہ بدقسمتی رہی ہے کہ یہاں بار بار آئین شکنی کی جاتی رہی ہے۔ 1947 سے لیکر 1956 تک ریاستی امور Govt. of India Act, 1935 کے تحت چلائے گئے۔ 1956 میں آئین بنا ٹھیک 2 سال بعد ہی آئین پاکستان کو ختم کرکے ایک لمبی ڈکٹیٹرشپ قائم کردی گئی۔ مشرقی پاکستان کا بنگلہ دیش بننا بھی اسی وجہ سے ممکن ہوا۔ کسی بھی ریاست کا آئین اسکی عوام کو بنیادی حقوق کی یقین دہانی اور ریاستی اداروں کی ذمہ داریوں کا تعین کرتا ہے۔ ریاست ...

پاکستان کے موجودہ حالات کی وجوہات میں بار بار آئین شکنی جیسے عوامل سرفہرست ہیں۔ سب سے زیادہ بدقسمتی بھی یہی رہی ہے کہ پاکستانیوں نے آئین شکنی کرنے والوں کو پھولوں کے ہار پہنائے، انکو اپنا نجات دہندہ تصور کیا اور انکے لئے جیوے جیوے کے نعرے لگائے۔ اللہ کریم مملکت خداداد اسلامی جمہوریہ پاکستان کے مجھ سمیت تمام باسیوں کو ہدایت نصیب فرمائے کہ وہ یہ سمجھ سکیں کہ پاکستان کی فلاح اور بقا صرف اور صرف آئین پاکستان کی پاسداری اور پیروی ہی کی مرہون منت ہو سکتی ہے۔

حضرت خدیجہ (س) کے فضائل

ازقلم: مریم نور

... جناب خدیجہ (س) کو سپرد لحد کیا۔ تاریخ شاہد ہے کہ جب تک آپ زندہ رہے جناب خدیجہ کو برابر یاد کرتے رہے۔ بارالٰہا اس باعظمت خاتون اور اس کی باعظمت بیٹی کے طفیل میں ہمارے گناہوں کی مغفرت فرما کر ہمیں دونوں جہان کی سعادتوں سے بہرہ مند فرمایا۔ آمین

پُرسکون نیند فراہم کرنے والی غذائیں

لندن (سی ایم لنکس) اچھی نیند آپ کے دل کی بیماری، موٹاپے اور ذیابیطس کے خطرے کو کم کرتی ہے اور ذہنی تناؤ کو بھی کم کرتی ہے۔ غذائیت کے ماہرین ایسی غذائیں تجویز کرتے ہیں جو آپ کو پُرسکون نیند فراہم کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ کھانے کی ناقص عادات جیسے رات کو بہت دیر سے کھانا یا زیادہ کیلوری والا کھانا نیند کے قدرتی طریقہ کار میں مداخلت کر سکتا ہے ... ہیں۔ ماہرین کے مطابق ایک کپ گرم دودھ آپ کو سکون سے سونے میں مدد دے سکتا ہے۔ آپ گائے کا دودھ، بکری کا دودھ یا بادام کا دودھ استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے آپ دودھ گرم کریں اور اُس میں ایک چٹکی جائفل یا ہلدی شامل کریں اور سونے سے پہلے پی لیں۔ کیلا: ماہرین کے مطابق کیلا رات کو کھانے کے لیے ایک اچھا پھل ہے۔ میگنیشیم اور پوٹاشیم سے بھرپور ... اور وٹامن بی 6 ذہنی تناؤ کو ختم کرکے پُرسکون نیند فراہم کرتا ہے۔

SPORTS

چیئرمین پی سی بی رمیز راجہ کا استعفیٰ نہ دینے کا فیصلہ

رمیز راجہ اپنے مستقبل کے حوالے سے حکومت کی جانب سے پیغام کے منتظر ہیں، ذرائع

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین رمیز راجہ نے عہدے سے استعفیٰ نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے ...

وزڈن نے آل ٹائم انڈر-23 کرکٹرز کی ٹیسٹ الیون جاری کردی، پاکستان کے تین سابق کھلاڑی بھی شامل

اسلام آباد (این این آئی) وزڈن نے آل ٹائم انڈر-23 کرکٹرز کی ٹیسٹ الیون جاری کردی ہے ...

دو ویٹ لیفٹرز کے بعد 7 قومی کبڈی کھلاڑیوں کے بھی ڈوپ ٹیسٹ پازیٹو آنے کا انکشاف

لاہور (این این آئی) دو ویٹ لیفٹرز کے بعد 7 قومی کبڈی کھلاڑیوں کے بھی ڈوپ ٹیسٹ پازیٹو آنے کا انکشاف ہوا ہے ...

آل پاکستان عبدالرزاق آرائیں فلڈ لائٹ روک بال ٹورنامنٹ کے ڈراز کا اعلان (آج) کیا جائے گا

جب وقت رخصت آجائے تو چاہے حق پر ہوں یا غمزدہ، باوقار طریقے سے قبول کرنی چاہیے، شاہد آفریدی

شکست بھی اقتدار کے کھیل کا حصہ ہے، تاریخ کے صفحات میں بالآخر بات اخلاقی معیار، جمہوریت اور آئین کی بالادستی پر آتی ہے

گالف کے پورے شیڈول میں کبھی حصہ نہیں لوں گا، ٹائیگر ووڈز

پہلی نیشنل سٹوڈنٹس اولمپک گیمز 20 جون سے شروع ہوگی

تقریروں کے سوا رمیز راجہ نے کوئی کام نہیں کیا، سلمان بٹ



نیوزی لینڈ کے فاسٹ بولر ... نے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا

محمد حسین کی وفات پر اظہار تعزیت

SHOWBIZ

شاہ رخ خان عام سا بندہ ہے، ہر کسی کے ساتھ گھل مل جاتا ہے، علی خان

بیرون ملک کے اداکاروں میں سب سے زیادہ مزہ شاہ رخ خان کے ساتھ فلم میں کام کرنے کے دوران آیا، پاکستانی اداکار



کراچی (این این آئی) ہولی ووڈ اور بولی وڈ فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھانے والے پاکستانی اداکار علی خان نے کہا ہے کہ انہیں بیرون ملک کے اداکاروں میں سب سے زیادہ مزہ شاہ رخ خان کے ساتھ فلم میں کام کرنے کے دوران آیا ...

رومانوی سینز کی وجہ سے فلموں میں کام نہیں کرسکتی، سارہ خان

پیار آنکھوں سے بھی کیا جاتا ہے اور اگر انہیں آنکھوں سے پیار کرنے کی اجازت دی گئی تو وہ فلموں میں ضرور کام کریں گی

ممبئی (این این آئی) ڈراموں کی مقبول اداکارہ سارہ خان نے کہا ہے کہ وہ کبھی بھی فلموں میں کام نہیں کر سکتیں ...

جب سنجے دت کے مداح کا دیرینہ خواب پورا ہوگیا

سنجے دت کی ممبئی رہائشگاہ کے باہر ایک مداح نے اداکار کا ہاتھ پکڑا، ساتھ تصویر کھنچوائی اور اس لمحے کو اپنے خواب کی تکمیل قرار دیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سنجو بابا کہلائے جانے والے سنجے دت کا ایک مداح کا دیرینہ خواب پورا ہوگیا ...

شاہد کپور کی فلم ”جرسی“ کی ریلیز 22 اپریل تک ملتوی

فلم ریلیز کی تاریخ میں تبدیلی کا فیصلہ ساؤتھ کی 2 بڑی فلموں کے جی ایف چیپٹر 2 اور بیسٹ کی 14 اپریل کو ریلیز کے باعث کیا گیا

ممبئی (این این آئی) اداکار شاہد کپور کی فلم جرسی کی ٹیم نے فلم کی ریلیز 22 اپریل تک ملتوی کرکے خود کو بڑے نقصان سے بچالیا ...

سندھی ہونے کی وجہ سے یاسر نواز سے شادی سے انکار کردیا تھا، ندا یاسر



سلمان نے مجھے ریس تھری میں موقع دیا، بوبی دیول

سلمان خان ایک بہترین انسان ہیں، وہ بڑے دل کے مالک ہیں

بقیہ 1

ہٹائے جانے کے بعد یہ ہمارا پہلا جلسہ ہوگا اور اسی جلسے میں، میں آپ سے یہ ساری باتیں کروں گا۔عمران خان نے کہا کہ قوم اپنی آزادی اور جمہوریت کی حفاظت خود کرتی ہے، جمہوریت کی حفاظت کوئی فوج یا باہر کی قوت نہیں کرسکتی۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں فوری انتخابات کروائے جائیں۔

بقیہ 2

نے خطے کی میری ٹائم سیکیورٹی اور استحکام کو یقینی بنانے میں پاک بحریہ کے کردار کو سراہا۔قازقستان کے فرسٹ ڈپٹی ڈیفنس منسٹر اور چیف آف جنرل اسٹاف کے حالیہ دورہ سے دونوں ممالک کی مسلح افواج کے مابین دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ ملے گا۔

بقیہ 3

امونیا گیس کا اخراج شروع ہوا جس سے ملحقہ علاقوں میں درجنوں افراد بے ہوش ہوگئے۔ریسکیو ذرائع کے مطابق امونیا گیس لیک ہونے سے بچوں اور خواتین سمیت 80سے زائد افراد کی حالت غیر ہوگئی اور گیس کے اخراج سے متاثرہ ایک شخص جاں بحق ہوگیا جب کہ متاثرہ افراد کو طبی امداد کے لیے ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کیا گیا۔

بقیہ 4

کی جانب سے دیا گیا۔شفاعت علی نے ٹوئٹر پر نومنتخب وزیراعظم کی قومی اسمبلی میں خطاب کے دوران کی ایک تصویر شیئر کی جس کے کیپشن میں انہوں نے لکھا کہ ہینڈسم تو یہ بھی ہے۔شفاعت علی کی ٹوئٹ پر لوگوں نے ملے جلے تاثرات کا اظہار کیا۔شفاعت علی کی اس ٹوئٹ پر مریم نواز نے ان سے ایک دلچسپ مطالبہ بھی کردیا۔مریم نواز نے اس پوسٹ کے کمنٹ میں شفاعت علی کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس خوشی میں آپ سے پرزور مطالبہ ہے کہ ان کے اعزاز میں ایک ویڈیو بنا کے بھی پوسٹ کی جائے۔

بقیہ 5

ایشن انڈسٹری میں خود انحصاری کی طرف گامزن پاک فضائیہ کی تعریف کی۔ائیر چیف نے کہا کہ پاکستان اور ریپبلک آف قازقستان کے مابین دیرینہ مذہبی، ثقافتی اور تاریخی رشتہ قائم ہے جو دونوں فضائی افواج کے مابین مضبوط روابط کا مظہر ہے۔انہوں نے دونوں برادر ممالک کے درمیان باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔

بقیہ 6

کی پیروی کا اعادہ کرنا ہے،اسکے بعد وزیر اعظم وزیر اعلی ہاؤس سندھ کا دورہ کریں گے۔جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم کراچی میں ترقیاتی منصوبوں کی حکمت عملی کیلئے مشاورتی عمل کی صدارت بھی کریں گے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کے ایم کیوایم پاکستان کے عارضی مرکز بہادر آباد بھی جانے کا امکان ہے۔

بقیہ 7

میں ایوان صدر میں ہوئی، قائم مقام صدر صادق سنجرانی نے شہباز شریف سے حلف لیا۔شہباز شریف کی اچکن بھی تقریب حلف برداری میں موضوع بحث بنی رہی۔خیال رہے کہ سابق وزیراعظم عمران خان اپنی تقاریر میں شہباز شریف کی اچکن کا ذکر کرتے رہے ہیں۔

بقیہ 8

خان کے ساتھ کھڑے رہے ہیں۔سابق صوبائی وزیر قانون پنجاب راجہ بشارت نے اپنے بیان میں کہا کہ وزارت اعلی کے لیے پرویز الٰہی ہی کامیاب ہوں گے۔ناراض اراکین اختلافات ختم کر کے واپس آ جائیں،الیکشن کے روز ن لیگ کو ہم سرپرائز دیں گے۔راجہ بشارت نیا الزام عائد کیا کہ حمزہ شہباز نے پنجاب میں ہارس ٹریڈنگ کا بازار گرم کر رکھا ہے، پرویز الٰہی ہر مشکل وقت میں عمران خان کے ساتھ کھڑے رہے ہیں۔مسلم لیگ (ق) کے چوہدری ظہیر الدین کا کہنا تھا کہ پنجاب میں وضع داری کو قائم رکھیں، پنجاب اسمبلی میں ہماری پوزیشن مستحکم ہے اور نمبر پورے ہیں۔

بقیہ 9

ووٹ دینے پر طارق بشیر چیمہ اور چوہدری سالک حسین کا شکریہ ادا کیا اور ان سے کہا کہ ان کا خیر سگالی کا پیغام چوہدری شجاعت حسین تک پہنچا دیا جائے چوہدری سالک حسین نے کہا کہ میرے والد نے آپ سے جو وعدہ کیا تھا وہ ہم نے ووٹ دیکر پورا کیا ہے۔چوہدری شجاعت حسین ایک وضع دار سیاسی رہنما ہیں اور تمام سیاسی قیادت جس طرح احترام کرتی ہیں اس پر ہم ان کے شکر گزار ہیں۔ذرائع کا کہنا ہے کہ ملاقات میں پنجاب کی وزارت اعلی کے معاملات پر بات چیت ہوئی اور مسلم لیگ (ق) کے رہنماؤں نے آصف علی زرداری سے درخواست کی کہ سپیکر پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کو وزیر اعلیٰ بنانے کا اپنا وعدہ پورا کرائیں جس پر آصف علی زرداری مسکرا پڑے اور کہا کہ میں نے تو اپنا وعدہ پورا کر دیا تھا اور مسلم لیگ (ن) نے میری درخواست پر پرویز الٰہی کو وزیر اعلیٰ بنانے کا فیصلہ کرلیا تھا مگر چوہدری پرویز الٰہی نے پھرتی دکھائی اور وعدہ خلافی کی اور بنی گالا چلے گئے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں پرویز الٰہی کو پنجاب کا وزیر اعلیٰ بنانا اب مشکل ہے، پیپلز پارٹی حمزہ شہباز کی حمایت کر چکی ہے، چوہدری پرویز الٰہی کو یہ باتیں پہلے سوچنی چاہئیں۔

بقیہ 10

کر عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہوگی۔ہم سب مل کر پاکستان کو عظیم قوم بنائیں گے۔دیگر ممالک سے باہمی احترام اور برابری کے بنیاد پر تعلقات استوار کریں گے۔وزیر اعظم شہباز شریف نے رمضان المبارک کے دوران سستے بازاروں میں معیاری اور کم دام پر اشیاء کی فراہمی یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے رمضان بازاروں کی سخت مانیٹرنگ یقینی بنانے کی ہدایت کی۔وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی کہ عوام کو سستی اشیاء کی فراہمی میں غفلت برداشت نہیں کروں گا۔ورزیر اعظم نے پینشنرز کی پینشن میں اضافے ،کم از کم اجرت 25 ہزار کرنے کے اعلانات پر فی الفور عمل درآمد کا حکم بھی جاری کیا۔سابق وزیراعظم عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد کامیاب ہونے کے بعد ایوان نیا پوزیشن جماعتوں کے امیدوار شہباز شریف کو ملک کا وزیراعظم منتخب کیا تھا۔وزیراعظم شہباز شریف نے بھارتی ہم منصب نریندر مودی کی مبارکباد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے شہباز شریف کو وزارت عظمیٰ کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی تھی جس پر وزیراعظم شہباز شریف نے ان کا شکریہ ادا کیا ہے۔وزیراعظم شہباز شریف نے نریندر مودی سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان بھارت کے ساتھ پر امن اور باہمی تعاون پر مبنی تعلقات کا خواہاں ہے۔وزیراعظم نے اپنے بیان میں جموں و کشمیر سمیت دیگر تنازعات کے پر امن حل کو ناگزیر قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی دہشتگردی کیخلاف لڑائی میں قربانیاں ڈھکی چھپی نہیں۔وزیراعظم نے نریندر مودی کو پیغام دیا کہ آئیں اپنے عوام کی سماجی معاشی ترقی پر توجہ دیں۔وزیراعظم شہباز شریف نے منگل کو وزیراعظم آفس پہنچ کر ذمہ داریوں کی باضابطہ انجام دہی شروع کر دی۔وزیراعظم شہباز شریف مقررہ دفتری اوقات شروع ہونے سے قبل ہی صبح 8 بجے دفتر پہنچ گئے جبکہ رمضان المبارک میں سرکاری اوقات کار کے مطابق دفاتر صبح 10 بجے کھلتے ہیں۔وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے ہفتے میں دو کے بجائے ایک دن تعطیل کی ہدایت کی ہے جبکہ سرکاری دفاتر کے اوقات کار میں تبدیلی کرتے ہوئے دفاتر 10بجے کی بجائے 8 بجے کھولنے کی ہدایت کی ہے۔دریں اثنا وزیراعظم شہباز شریف کے آفس سنبھالتے ہی عوام کو ریلیف کی فراہمی کے ان کے اعلانات پر عملدرآمد کا آغاز ہوگیا ہے۔وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز قومی اسمبلی میں کیے گئے اپنے اعلانات پر عملدرآمد کے احکامات جاری کیے۔انہوں نے ہدایت کی کہ رمضان المبارک کے دوران سستے بازاروں میں معیاری اور ارزاں نرخوں پر اشیا کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔انہوں نے رمضان بازاروں کی سخت مانیٹرنگ یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔وزیراعظم نے خبردار کیا کہ عوام کو سستی اشیا کی فراہمی میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے پنشنرز کی پینشن میں اضافے، کم از کم اجرت 25ہزار کرنے کے اعلانات پر فی الفور عملدرآمد کا حکم بھی جاری کیا۔وزیراعظم شہباز شریف سے وزیراعظم آفس کے افسران اور عملے نے ملاقاتیں کیں۔وزیراعظم نے انہیں ہدایت کی کہ وہ کمر ہمت کس لیں، ہم عوام کی خدمت کے لئے آئے ہیں،ایک لمحہ مزید ضائع کئے بغیر عوام کی خدمت کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ایمان داری، شفافیت، مستعدی، انتھک محنت ہمارے راہنما اصول ہیں۔

بقیہ 11

شکایات موصول ہوئیں جس پر بینکنگ محتسب نے عملدرآمد کرتے ہوئے صارفین کو 22 کروڑ 48لاکھ روپے کی ادائیگی کے احکامات صادر کئے۔بینکنگ محتسب نے پہلی سہ ماہی میں بینکوں کے خلاف 6ہزار 563 شکایات کو نمٹایا ہے۔بینکنگ محتسب آف پاکستان کی جانب سے شکایات کا بڑا ڈیٹا اس لیے جاری کیا گیا ہے کیونکہ آج کل دھوکہ دہی کی سرگرمیاں عروج پر ہیں۔بینکنگ محتسب پاکستان کے مطابق اپنی ذاتی اور مالی معلومات کسی تیسرے شخص پر ظاہر نہ کریں۔مشکوک کالز موصول ہونے کی صورت میں وہ اپنے بینک کی قریبی برانچ یا بینک کی ہیلپ لائن پر رابطہ کریں۔بینکنگ محتسب کے اپنے ادارے کی ویب سائٹ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے ایک منصوبے پر کام شروع کر دیا ہے، اس منصوبے کے تحت ویب سائٹ پر عوام کیلئے شکایت درج کرانے کا ایک پورٹل بھی شامل ہو گا۔بینکنگ محتسب جون 2022 میں ایک ایس ایم ایس سروس بھی متعارف کرائے گا جس کے ذریعے شکایت کنندگان اپنی شکایت کے بارے میں تازہ ترین صورت حال سے باخبر رہیں گے۔

بقیہ 12

میٹرک ٹن کے 2 مختلف ٹینڈرز میں شوگر ملز کی جانب سے یوٹیلٹی اسٹورز کو چینی کی فروخت میں عدم دلچسپی سامنے آئی ہے۔ذرائع نے بتایا کہ مارچ میں جاری کیے گئے 50ہزار میٹرک ٹن کے ٹینڈر میں 9ہزار 800ٹن چینی کی دستیابی ممکن ہوسکی۔4اپریل کو کھلنے والے 50ہزار ٹن چینی کے ٹینڈر میں 20ہزار ٹن کی بولیاں موصول ہوئیں، تیسرے ٹینڈر کے لیے شوگر ملز اور فرمز سے 26سے اپریل تک لفافہ بند بولیاں طلب کی گئی ہیں۔ذرائع کے مطابق رمضان پیکیج کے تحت چینی کی ضروریات کا تخمینہ 50 ہزار میٹرک ٹن لگایا گیا ہے۔یوٹیلٹی اسٹورز کے حکام نے بتایا کہ یوٹیلٹی اسٹورز کے پاس اس وقت 10ہزار میٹرک ٹن چینی دستیاب ہے۔

بقیہ 13

میں اچانک گر گئی جسے فوری نکالنے کی کوشش کی گئی ریسکیو کی ٹیم نے خاتون کو نکال کر طبی امداد دی لیکن وہ جانبر نا سکی اور اپنے خالق حقیقی سے جاملی ریسکیو ٹیم نے نعش کو ٹی ایچ کیو چشتیاں منتقل کر دیا۔جہاں اسکی نعش کو ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا۔

بقیہ 14

کارکردگی کو سراہتے ہوئے آر پی او نے ڈی پی او اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔ذرائع کے مطابق سرگودھا گجرات روڈ کے قصبہ پھلروان میں تین رکنی موٹر سائیکل سوار ڈکیت گروہ نے بینک رقم جمع کروانے کے لئے جانے والے شہری راحم امجد سے دن دیہاڑے گن پوائنٹ پر 39لاکھ، پینسٹھ ہزار کی رقم چھین لی اور مزاحمت پر شہری کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا اور جائے واردات سے فرار ہو گے۔اس واردات پر پولیس تھانہ پھلروان نے زخمی کو ہسپتال منتقل کر کے ڈکیتی کا مقدمہ درج کر لیا۔جس انوسٹیگیشن ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے تین رکنی ڈکیت گروہ کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا اور ان کے قبضہ سے لوٹی ہوئی رقم برآمد کرلی۔جسے آر پی او محمد فیصل رانا نے شہری کے حوالے کرتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ افراد کے خلاف آپریشن جاری رکھیں۔عوام کی جان و مال اور عزت کا تحفظ ہر صورت یقینی بنائیں۔

بقیہ 15

خواتین اراکین اسمبلی کی میٹنگ بھی ہوگی۔یاد رہے کہ گزشتہ روز سرگودھا، راولپنڈی اور ملتان ڈویژنز کی تنظیموں کی میٹنگ ہوئی جس میں آئندہ کی سیاسی حکمت عملی کے حوالے سے مشاورت اور لائحہ عمل مرتب کیا گیا۔تحریک انصاف پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ ڈویژن کی سطح پر میٹنگز کر کے پارٹی کو بھرپور طریقے سے متحرک کیا جارہا ہے، حالیہ دنوں میں تحریک انصاف میں جو اتحاد اور مضبوطی دیکھی گئی ماضی میں اس کی مثال نہیں ملتی۔انہوں نے کہا کہ پارٹی کے عہدیدار اور کارکنان عمران خان کی قیادت میں متحد ہیں اور ان کی ہر کال پر لبیک کہنے کیلئے ہر لمحے تیار ہیں، تحریک انصاف نے حالیہ دنوں میں بھرپور سیاسی تقویت حاصل کی ہے۔

بقیہ 16

ٹوئٹر پر فالوورز 15ملین سے زائد ہیں۔یاد رہے کہ قومی اسمبلی نے گزشتہ روز مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف کو نیا قائد ایوان منتخب کیا جہاں انہیں 174 ووٹ ملے۔نئے قائد ایوان کے لیے متحدہ اپوزیشن کی جانب سے شہباز شریف اور تحریک انصاف کی جانب سے شاہ محمود قریشی وزیراعظم کے امیدوار تھے تاہم پی ٹی آئی کی جانب سے بائیکاٹ کے بعد شہباز شریف واحد امیدوار رہ گئے تھے۔

بقیہ 17

فیملی کا سامان بھی شفٹ نہیں کیا گیا۔ذرائع کے مطابق جب تک صدر مملکت استعفی منظور نہیں کرتے عمران اسماعیل گورنر ہیں۔خیال رہے کہ گزشتہ روز گورنر عمران اسماعیل نے استعفی دیتے ہوئے ویڈیو بیان بھی جاری کیا تھا۔عمران اسماعیل نے کہا کہ جیسے ہی شہباز شریف حلف اٹھائیں گے میں استعفی دوں گا، نہیں چاہتا ایک لمحے کے لیے بھی شہباز شریف کو سر کہنا پڑے۔

بقیہ 18

اور اب ان کی جگہ نئے وزیراعظم اور پیٹرن ان چیف میاں شہباز شریف کی تصویر آویزاں کردی گئی ہے۔واضح رہے کہ 2019 کے ترمیمی آئین کے مطابق پی سی بی پیٹرن ان چیف کی صوابدید ہے کہ وہ گورننگ بورڈ کے لیے کوئی دو نام تجویز کرتا ہے جس میں کسی ایک کو پی سی بی کی سربراہی سونپی جاتی ہے۔

بقیہ 19

شہر بھر میں اشیا کو کنٹرول ریٹ پر فروخت کو یقینی بنانے کے لئے یومیہ کی بنیاد پر کاروائی کا فیصلہ کر لیا گیا۔ذرائع کے مطابق سرگودھا شہر کے مرکزی رمضان بازار سمیت رمضان بازاروں میں مہنگے داموں اور ناقص اشیا خورد ونوش کی فروخت کا نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر محمد اصغر جوئیہ نے کاروائی کا حکم دے دیا جس پر اسپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹ نے کمپنی باغ مرکزی رمضان بازار میں اچانک چھاپہ مار کر اشیا ضروریہ سبزی، فروٹ، چینی، دالیں وغیرہ کی کوالٹی اور قیمتوں کو چیک کیا۔جہاں مقررہ قیمت سے زائد اور کوالٹی کے لحاظ سے معیار پر پورا نہ اترنے پر متعدد سٹال مالکان کو موقع پر جرمانے کئے۔اس موقع پر اسپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹ کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک بابرکت مہینہ ہے رمضان بازار سمیت شہر کے تمام بازاروں کے دکانداروں کو چاہیے کہ سبزی، فروٹ، چینی، دالیں، آٹا، گھی سمیت ضرورت کی تمام اشیا حکومت کی جانب سے مقرر کردہ نرخوں پر فروخت کریں اور کوالٹی اور معیار کو برقرار رکھیں۔انہوں نے کہا کہ رمضان بازار سمیت شہر کی تمام بازاروں میں قیمتوں کو کنٹرول میں رکھنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر کاروائیاں عمل میں لائی جائیں گیں۔

بقیہ 20

ہے۔اس کا ایک فائدہ یہ دریافت ہوا ہے کہ ورزش سے خون میں ایک پروٹین کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔یہ پروٹین ایک جانب تو کینسر کو روکتا ہے دوم یہ سرطانی رسولیوں کو چھوٹا کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔یوں ورزش کا ایک اور زبردست فائدہ کینسر کے تدارک کی صورت میں سامنے آیا ہے۔اس سے پہلے ہم معلوم کر چکے ہیں ورزش کینسر تلف کرنے والے ٹی سیلز کی تعداد بڑھاتی ہے۔پھر ایک اور تحقیق سے معلوم ہوا کہ جسمانی سرگرمی جگر کے سرطان کے ممکنہ حملے کو روکتی ہے۔اب ہمیں معلوم ہوا کہ خون میں بڑھنے والے پروٹین سے کینسر کو روکنے میں مدد ملتی ہے جو ورزش سے اپنی تعداد بڑھاتا چلا جاتا ہے۔اس ضمن میں بطور خاص آنتوں اور معدے کے کینسر اور ورزش پر غور کیا گیا۔اس کے لیے 50 سے 80 سال تک کے 16 افراد بھرتی کئے گئے۔ان تمام افراد میں ان کی عادات مثلاً طرز زندگی، ورزش نہ کرنے اور دیگر وجوہ کی بنا پر کینسر کا خطرہ موجود تھا۔تمام افراد کا وزن بھی غیر معمولی طور پر زیادہ تھا۔پہلے تمام افراد کے خون کے نمونے لئے گئے اور انہیں 30 منٹ تک درمیانے درجے کی فکسڈ سائیکلنگ کے عمل سے گزارا گیا۔ورزش کے بعد دوبارہ ان کا خون ٹیسٹ کیا گیا۔معلوم ہوا کہ ورزش سے خون میں انٹرلیوکن 6نامی کیمیکل بڑھ گیا جو سرطان سے لڑنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔پھر خون کے نمونوں کو لیبارٹری میں معدے کے سرطان (بوویل کینسر) کے خلیات پر ڈالا گیا اور 48 گھنٹوں تک اس کا مشاہدہ کیا گیا۔ورزش کے بعد خون کے نمونوں نے کینسر کا فروغ روکنے میں بھی اہم کردار ادا کیا اور یوں ورزش سے سرطان میں کمی کا دوسرا ثبوت بھی مل گیا۔اسی تحقیق میں معلوم ہوا کہ ورزش سے ڈی این اے کی تنزلی اور ٹوٹ پھوٹ کی شرح بھی سست ہو جاتی ہے۔جو ایک بہت اہم ثبوت ہے۔یہ تحقیق انٹرنیشنل جرنل آف کینسر میں شائع ہوئی ہے۔

بقیہ 21

ہے اور آج بھی یہی ہو رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان کی جانب سے جس سفارتی کیبل کا ذکر کیا جارہا ہے، وہ بظاہر ایک معمول کی کیبل ہے جو پاکستان میں موجود غیرملکی سفارتکار اپنے ممالک کو بھیجتے رہتے ہیں اور ہمارے سفارتکاروں کے ذریعے دوسرے ممالک سے پاکستان بھی آتی ہیں، ماضی میں اس سے زیادہ خطرناک کیبلز اور مراسلے آتے رہے ہیں لیکن اس بار اس خط کا وقت اس کو اہم بنا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ اب امریکہ کے ساتھ تعلقات بہتر ہونے میں وقت لگے گا، میرا خیال ہے کہ اس کیبل میں کوئی حقیقت یا خطرے اور پریشانی کی بات ہوتی تو سپریم کورٹ اس کو ضرور سنجیدہ لیتی۔انہوں نے کہا کہ یہ سفارتی خط اتنا اچھالا نہ جاتا مگر اس سے پاک امریکی شخصیات کی پاکستان کی اہم شخصیات کے ساتھ ملاقاتوں کو ثبوت کے طور پر پیش کیا جارہا ہے کہ شاید امریکہ پہلے سے ہی اس میں ملوث تھا، میں سمجھتا ہوں کہ جب تک اس کیبل کا متن سامنے نہیں آتا اس پر رائے دینا ہی کافی مشکل ہے۔انہوں نے کہا کہ مستقبل میں ایک طویل عرصے تک اس خط اور عمران خان کے امریکہ مخالف بیانیے کا اثر پاکستان پر ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہماری بہت سے مذہبی اور سیاسی قوتیں ہیں جو امریکہ مخالف ہیں، اور گذشتہ چند ہفتوں میں ان گروپس اور افراد نے بھی عمران خان کے امریکہ مخالف بیانیے کی حمایت کی ہے جو عام طور پر ان سے سخت اختلاف رکھتے ہیں اور ان کے اتحاد کا حصہ نہیں بنتے، اگر عمران خان کا یہ بیانیہ ان کی انتخابی مہم میں بھی جاری رہا تو پاکستان میں ایک ایسا اتحاد بن سکتا ہے جو امریکہ مخالف بیانیے کی حمایت کرتا ہو۔انہوں نے کہا کہ اس کا منفی اثر اس لیے بھی ہوگا کہ اس وقت تقریباً تمام ہی بین الاقوامی سٹرکچرز یا ادارے امریکہ یا مغربی قوتوں کے زیر انتظام یا ان کی نگرانی میں ہیں جیسا کہ آئی ایم ایف، ایف اے ٹی ایف حتی کہ اقوام متحدہ میں کسی بھی مزاحمت یا تصادم کی صورت میں پاکستان کے لیے بقا کی جنگ قدرے مشکل ہو گی۔نئی حکومت ان حالات کا مقابلہ کیسے کرے گی؟ اس کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر قندیل عباس آنے والے دنوں میں امریکہ سے پاکستان تعلقات میں استحکام کو نئی حکومت کے لیے ایک بڑا چیلنج قرار دیتے ہیں، ان کا خیال ہے کہ کسی بھی طرح حالات میں بہتری کو عمران خان کے بیانیے سے جوڑا جائے گا کہ چونکہ امریکہ حکومت کی تبدیلی میں ملوث تھا سو اب اپنی پسند کی حکومت کے لیے حالات سازگار کیے جا رہے ہیں۔ڈاکٹر قندیل کے مطابق مستقبل کی حکومت کیلئے یہ بڑا چیلنج ہوگا کہ ایک متوازن خارجہ پالیسی لائے۔ابھی ہمیں انڈین سینٹرک پالیسی سے نکلنا ہوگا اور حالیہ قومی سلامتی پالیسی کے مطابق جیو سٹریٹجی کی بجائے جیو اکنامک پالیسی پر عمل کریں تو بہتر ہوگا، ہمیں توازن لانا ہوگا امریکہ اور مغرب کے ساتھ تعلقات میں اور اس کے ساتھ ساتھ چین اور روس کے ساتھ تعلق میں بھی۔بین الاقوامی امور کی ماہر ہما بقائی نے کہا کہ چین کے ساتھ بہتر تعلقات اور امریکہ کے ساتھ برابری کی سطح پر بات کرنے کی کوشش کا خمیازہ تو پاکستان پہلے ہی بھگت رہا ہے اور اب اس غیر جانبداری پر نقصان اٹھانا پڑ سکتا ہے، غیر جانبدار رہنے کا خمیازہ بھگتنے کی بات ہے تو چین کے ساتھ تعلقات کی وجہ سے ہمیں قیمت تو پہلے ہی ادا کرنی پڑ رہی ہے، مثال کے طور پر ہم فیٹف میں گرے لسٹ میں ہیں باوجود اس کے کہ ہم سوائے ایک کے ان کی زیادہ تر شرائط پر عمل کر چکے ہیں۔انہونے کہا کہ پاکستان یہ بھی سمجھتا ہے کہ امریکہ اسے عوامی سطح پر شرمندہ کرنے کی کوشش کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں یہ سوچ بھی موجود ہے کہ دہشت گردی کی جنگ میں بھی امریکہ اور مغرب کا ساتھ دینے کا اندرونی اور بیرونی طور پر، فائدے سے زیادہ نقصان ہوا ہے۔ہما بقائی کے مطابق پاکستان کی حال ہی میں جاری ہونے والے قومی سلامتی پالیسی میں واضح طور پر کہا گیا کہ پاکستان کسی بلاک کا حصہ نہیں بنے گا اور یہ کہ پاکستان کے دیگر ممالک کے ساتھ تعلقات کی بنیاد اب معیشت ہے۔بی بی سی کے مطابق معیشت کا حال دیکھیں تو پاکستان کا سب سے زیادہ انحصار امریکہ اور مغربی ممالک پر ہی ہے، 2019 میں پاکستان کی کل برآمدات 26.6 ارب ڈالر تھیں، جس میں سے 14.4 مارکیٹ شیئر کے ساتھ امریکہ پہلے نمبر پر تھا، چین کا حصہ تقریباً آٹھ فیصد تھا جبکہ برطانیہ اور جرمنی چھ فیصد شیئر کے ساتھ تیسرے اور چوتھے نمبر پر تھے لیکن روس کا شیئر صرف ایک فیصد رہا اسی طرح قرض کا حجم 85ارب ڈالر سے زیادہ ہے اور آئی ایم ایف سے بیل آؤٹ پیکج لینے کیلئے مغربی طاقتوں کے دخل کی ضرورت پڑتی ہے جبکہ ایف اے ٹی ایف منی لانڈرنگ اور دہشتگردی کی فنڈنگ پر نظر رکھنے والے ادارے میں مغربی طاقتوں کی مخالفت پاکستان کے لیے مشکل پیدا کر سکتی ہے، اگرچہ آج پاکستان کے دفاعی سازوسامان کا تقریباً 60 فیصد حصہ تو چین سے آ رہا ہے تاہم باقی 40 فیصد مغرب سے خریدا جاتا ہے اور اس 40 فیصد میں انتہائی اہم اور دفاعی نوعیت کا جنگی سازوسامان شامل ہے مثلاً پاکستان کی فضائیہ کے ایف سولہ طیارے امریکی اور میراج فرانس کے ہیں۔پاکستانی بحریہ کی آگسٹا آبدوز فرانسیسی ساختہ ہے۔آرمی ایوی ایشن کے ایم آئی 17 اور 35 روس کے ہیں مگر کوبرا اور بیل امریکی اور پوما اور ایکیوریل فرانسیسی ہیں۔ٹینکوں میں یوکرین سے ٹی اے ٹی یوڈی ٹینک مگر پاکستان کی اہم ترین آرٹلری گنز کا بڑا حصہ امریکی ساختہ ہے۔اسی طرح فوج کے مواصلاتی نظام کا بڑا حصہ چین اور امریکہ سے آتا ہے۔اب تشویشناک امر یہ ہے کہ اس تمام سازو سامان میں پاکستان کا ان ممالک کے ساتھ ٹرانسفر آف ٹیکنالوجی کا معاہدہ نہیں ہے، اس لیے ان میں ایک معمولی پرزے کی خرابی کی صورت میں بھی پاکستان کو ان ممالک سے رجوع کرنا پڑتا ہے۔عسکری ذرائع کے مطابق جب فرانس کے سفیر کی بے دخلی کا معاملہ اٹھا تو فرانس نے بعض فوجی سازوسامان کے پرزے فراہم کرنے سے انکار کردیا تھا۔پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کے خط سکینڈل کے بعد پاکستان اور امریکہ کے تعلقات پر بات کرتے ہوئے تجزیہ نگار مشرف زیدی نے کہا کہ پاکستان کی سفارتکاری کو سابق حکومت کے اس خط سکینڈل کا بوجھ نہ صرف پاک امریکہ تعلقات بلکہ دیگر ممالک کے ساتھ تعلقات میں بھی اٹھانا پڑیگا۔انہوں نے کہا کہ پاک امریکہ تعلقات اس سفارتی کیبل سے اتنے متاثر نہیں ہوں گے جتنے سابق وزیراعظم عمران خان کی جانب سے اس سفارتی خط کے مبینہ متن کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنے سے ہوئے۔انہوں نے کہا کہ بدقسمتی ہے کہ یہ ایک ایسے وقت میں ہوا جب امریکہ دو وجوہات سے جن میں پہلی افغانستان میں طالبان کے قبضے کے بعد لوگوں کے انخلا میں پاکستان کا اہم اور کلیدی کردار اور دوسری دوحہ میں طالبان کے ساتھ امریکہ کے امن مذاکرات میں سہولت کاری، کی بنا پر پاکستان کا شکر گزار تھا اور ان دونوں کے جو فوائد پاکستان کو حاصل ہونا تھے، ان بیانات کے باعث انھیں روکا گیا جو وزیراعظم نے تسلسل کے ساتھ دیتے تھے۔

بقیہ 22

سے گفتگو کے دوران حماد اظہر نے کہا کہ یہ نظام زیادہ دیر نہیں چلے گا اور موجودہ حکومت چند ہفتوں میں الیکشن کروادے گی۔پی ٹی آئی رہنما کے مطابق یہ لوگ عوام کے پاس گئے تو ان کی ضمانتیں ضبط ہوجائیں گی۔

بقیہ 23

ایک کلوگرام سے زائد چرس، ہیروئن، کلاشنکوف سمیت ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا،ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ذرائع کے مطابق پولیس سرگودھا میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی میں دس افراد کو گرفتار کرکے تھانہ کوٹمومن پولیس نے اختر علی سے ہیروئن 540 گرام معہ چرس 535 گرام، تھانہ کینٹ پولیس نے محمد شہزاد سے چرس 600 گرام، تھانہ بھیرہ پولیس نے احمد شیر سے کلاشنکوف، تھانہ کوٹ مومن گھاٹا نوالہ پولیس نے علی نواز سے بندوق 12بور،محمد اکرام سے بندوق 12 بور، تھانہ اربن ایریا پولیس نے محمد حیات سے پسٹل 30بور، تھانہ جھال چکیاں پولیس نے عامر شہزاد سے پسٹل 30بور، تھانہ بھلوال صدر پولیس نے محمد اعجاز سے پسٹل 30بور،تھانہ بھلوال سٹی پولیس نے ذیشان سے پسٹل 30 بور اور تھانہ میانی پولیس نے امتیاز سے پسٹل 30 بور برآمد کرلیے جس پر ملزمان کے خلاف منشیات فروشی و ناجائز اسلحہ رکھنے کی دفعات کے تحت الگ الگ مقدمات درج کرکے پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 24

پھیلانے اور عوام کی ترقی میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کو آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

بقیہ 25

گئی ہے۔اپوزیشن چیمبر کے حوالے سے ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔تفصیلات کے مطابق سابق وزراء شیخ رشید احمد، فواد چوہدری، اسد عمر، شیریں مزاری، شبلی فراز، شاہ محمود قریشی و دیگر سابق وزراء کو الاٹ کرکے گئے چیمبرز منسوخ کرکے ان کے ناموں کی تختیاں ہٹادی گئی ہیں۔نئے وزراء کی جانب سے حلف اٹھانے کے بعد چیمبرز ان کو الاٹ کردیے جائیں گے۔دوسری جانب وزیراعظم چیمبر میں وزیراعظم شہباز شریف کی تصویر لگا دی گئی ہے تاہم اپوزیشن چیمبر کے حوالے سے ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔

بقیہ 26

تحقیقات کرنے کی ہدایت کی۔گورنر پنجاب عمر سرفراز چیمہ نے کہا کہ حکومت اوچھے ہتھکنڈوں اور انتقامی کارروائیوں پر اتر آئی ہے۔حکومت نوشتہ دیوار پڑھ لے، عوام نے سڑکوں پر آکر عمران خان کی قیادت پر اعتماد اور حکومت کے خلاف فیصلہ دے دیا ہے۔

بقیہ 27

لیں۔پی ٹی آئی کے دونوں رہنماؤں نے عدالت میں الگ الگ درخواستیں دائر کی ہیں جن پر سماعت کیلئے منگل کو ہی بینچ تشکیل دینے کی استدعا کی گئی ہے۔پی ٹی آئی رہنماؤں نے اپنی درخواستوں میں موقف اپنایا کہ ان کے خلاف کوئی مقدمہ نہیں لہٰذا ان کی بیرون ملک روانگی پر پابندی کو ختم کیا جائے۔ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنماؤں کی درخواست پر سماعت کی جس میں عدالت نے استفسار کیا کہ مجاز افسران مقرر کریں جو وضاحت کریں کہ کس کے کہنے پر نام واچ لسٹ شامل کیا۔عدالت نے درخواست پر مختصر سماعت کے بعد شہزاد اکبر اور شہباز گل کا نام اسٹاپ لسٹ میں ڈالنے کا حکم معطل کردیا۔عدالت نے ڈی جی ایف آئی اے اور سیکرٹری داخلہ کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت کل صبح ساڑھے 10 بجے تک ملتوی کردی۔اس سے قبل عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو میں شہزاد اکبر نے کہا کہ امپورٹڈ حکومت کی جانب سے انتقامی کارروائیوں کا آغاز ہوگیا ہے، عدم اعتماد کی کارروائی مکمل بھی نہیں ہوئی تھی اس رات نام اسٹاپ لسٹ میں کس نے ڈالا؟ نام اس وقت اسٹاپ لسٹ پر ڈالا گیا جب نہ کابینہ تھی، نہ حکومت، نہ وزیراعظم۔انہوں نے کہا کہ ہم کہیں نہیں جارہے، اپنے لیڈر عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں جب کہ میں تو اوورسیز پاکستانی بھی نہیں، حصول تعلیم کے 6-7 سال کے علاوہ ساری زندگی یہیں رہا۔

بقیہ 28

گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کرلی جس کی نعش ضروری کاروائی کے بعد ورثا کے سپرد کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 29

کے علاقہ سبزہ زار میں چھاپہ مار کر حساس ادارے کے خلاف سوشل میڈیا پر ٹرینڈ چلانے والے شخص کو گرفتار کرلیا جس کی شناخت مقصود عارف کے نام سے کی گئی ہے۔گرفتار ملزم نے سوشل میڈیا پر 22 اکاؤنٹس بنار کھے تھے۔مزید بتایا گیا ہے کہ ایف آئی اے نے ملک کے مختلف شہروں میں چھاپے مار کر 8افراد کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ 30

مطابق پنجاب حکومت نے گاڑیوں کی اضافی قیمت ٹیوٹا موٹرز کو ادا کر دی۔ٹیوٹا موٹرز نے پنجاب حکومت سے ایک لاکھ روپے فی گاڑی اضافی مانگے تھے۔پنجاب حکومت نے چھیالیس لاکھ روپے ٹیوٹا موٹرز کو ادا کیے ہیں۔پنجاب حکومت نے ٹیوٹا موٹرز کو وزراء کے لئے چھیالیس نئی گاڑیوں کا آرڈر دے رکھا ہے۔ٹیوٹا موٹرز اب مئی کے آخر میں وزرا کے لئے نئی گاڑیاں پنجاب حکومت کو ڈیلیور کرے گا۔پنجاب حکومت نئے آنے والے وزرا کو نئی گاڑیاں دینے کا پلان بنا رکھا ہے۔ٹیوٹا کار کی قیمت مزید چار لاکھ ستر ہزار روپے اضافہ ہوگیا ہے۔ٹیوٹا موٹرز نے ابھی گاڑیوں کی مزید اضافی قیمت کی ڈیمانڈ نہیں کی۔حکومت پنجاب نے ٹیوٹا موٹرز کو جلداز جلد گاڑیاں حوالے کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 31

کی تو لوگوں کے ہوش اڑ جائیں گے، فرح صاحبہ کو عمران خان نے شوہر سمیت بھگا دیا، انہیں واپس لایا جائے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ہر عہدے کے ریٹ فکس تھے، بڑے بڑے سودے یہاں ہوتے تھے اور پیسے باہر ممالک کے اکاؤنٹ میں جمع ہوتے تھے، ڈپارٹ سلپ دکھانے پر کام ہو جاتا تھا، جادو ٹونے اور پیر فقیر سب کو کام پر لگایا ہوا تھا کہ کلیکشن کرتے رہو۔سعید غنی نے کہا کہ اپنی سوچ کا پرچار کرسکتے ہیں، لیکن کسی کو غداری کا سرٹیفکیٹ نہیں بانٹ سکتے، حلف توڑنے والوں نے غداری کی ہے، وہ ملک کے دشمن اور آئین شکن ہیں۔صوبائی وزیر نے کہا کہ پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کی جانب سے 15 اپریل کو جشن نجات منایا جائے گا، نئی حکومت کی آمد اور آئین شکن حکومت کی نجات کا جشن منائیں گے۔

بقیہ 32

کا امکان ہے۔کموڈٹی پرائس بڑھنے سے پاکستان کو بیرونی اور مالی خسارے کا سامنا رہے گا۔حالیہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں جھٹکا کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کا باعث بنے گا جبکہ تجارتی خسارہ میں اضافہ روپے کی بے قدری کا باعث بن سکتا ہے۔فچ کے مطابق حکومت میں تبدیلی آئی ایم ایف پروگرام کے بقیہ تین جائزوں کی بروقت تکمیل کو پیچیدہ بناسکتی ہے، نئی حکومت کے ساتھ آئی ایم ایف حکام دوبارہ بات چیت کریں گے۔چین اور پاکستان کی دوطرفہ مالی اعانت مضبوط رہے گی جبکہ پاکستان کی قیادت میں تبدیلی سے دونوں ممالک کے مضبوط دوطرفہ تعلقات میں کمزوری کا امکان نہیں ہے۔

بقیہ 33

ہوا تھا اور اس سے پہلے 1965 میں ہوا تھا۔2030 کے بعد سنہ 2063 میں ایک مرتبہ پھر دوبار رمضان آئے گا۔واضح رہے کہ ہجری قمری سال 354 یا 355 دن کا ہوتا ہے جبکہ عیسوی سال 365 دن کا ہوتا ہے اسی لیے ہر سال رمضان اور دیگر مہینوں کی تاریخوں میں ہیر پھیر آتا ہے۔

بقیہ 34

کردی جس کے نتیجے میں سوار دو سگے بھائیوں سمیت 3 افراد غلام عباس، نوید عباس، شہزاد جانبحق ہوگئے اور حملہ آور فرار ہوگئے۔جن میں مقتول نوید عباس کی گزشتہ شب فرانس واپسی کے لئے سیٹ بک تھی۔مقتولین کو پیرو دفنا کر دیا گیا۔پولیس تھانہ ملکوال نے تینوں مقتولین کی نعشیں تحویل میں لیکر ٹی ایچ کیو ہسپتال میں پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کردیں اور تہرے قتل کا مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ادھر آئی جی پنجاب نے شاہراہ عام پر فائرنگ میں تہرے قتل کی واردات کی رپورٹ طلب کر کے ملزمان کی فوری گرفتاری اور قانونی تقاضے پورے کرنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 35

ارب ڈالرز بھی ادا کرنے ہیں، سعودی عرب اور چین کے 7ارب ڈالر قرض کی واپسی موخر ہوسکتی ہے۔رپورٹ میں فچ نے کہا کہ آئی ایم ایف قرض پروگرام کی بحالی مشکلات کا شکار ہوسکتی ہے۔ٹیکس اصلاحات پلان پر عمل درآمد میں مشکلات ہوسکتی ہیں جبکہ پٹرولیم مصنوعات پر سبسڈی سے مالی مشکلات میں اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ 36

(ن) پنجاب کے نائب صدر شیخ ارسلان حفیظ سٹی سینئر نائب صدر مرزا منصور بیگ، راجہ ظفر اقبال، صابر صدیقی، عامر الدین میر، واجہ ایم ہارون شیخ کی قیادت میں بنی چوک میں بھی آتش بازی ہوئی، سابق وزیراعظم عمران خان حکومت کے خاتمے پر راولپنڈی بھر میں مٹھائیاں تقسیم کی گئیں، مسلم لیگی اور پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے نوافل ادا کئے اور ملکی سلامتی و استحکام اور نواز شریف، شہباز شریف، مریم نواز اور حمزہ شہباز سمیت دیگر قیادت کی صحتیابی کیلئے دعائیں بھی مانگی گئیں مسلم لیگی و پیپلز پارٹی کے سابق یوسی چیئرمینوں، وائس چیئرمینوں کی رہائشگاہوں پر مٹھائی تقسیم کی گئی اور ایک دوسرے کو مبارکبادیں بھی دی گئیں، وزیراعظم شہباز شریف کے نعرے لگائے گئے، کارکنوں نے شکرانے کے نوافل ادا کئے اور ملک و قوم کی سلامتی بالخصوص مرکزی قیادت نواز شریف، شہباز شریف، حمزہ شہباز اور مریم نواز کی صحتیابی اور درازی عمر کیلئے دعائیں بھی مانگی گئیں۔

بقیہ 37

آئی جی پنجاب کو گلدستے پیش کیے اس موقع پر انہوں نے نو تعمیر شدہ یادگار شہدا پر حاضری دی اور شہدائے پولیس کے بچوں سے نو تعمیر شدہ یادگار شہدا کا افتتاح کروایا اور شہدا کے اہل خانہ کے ہمراہ یادگار شہداء پر پھول چڑھائے اور شہداء کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی کی اس موقع پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے یادگار شہدا پر پنجاب پولیس کے بہادر سپوتوں کی لازوال قربانیوں کو سلامی پیش کی جبکہ آئی جی نے سی پی او آفس میں شہدا کے بچوں کو اعزازی شیلڈ ز اور تحائف پیش کئے آئی جی نے کہا ہے کہ رمضان المبارک کے دوران مساجد، امام بارگاہوں اور رمضان بازاروں و مارکیٹوں کی سکیورٹی پر خصوصی توجہ دی جائے اور جرائم پیشہ عناصر کے خاتمے اور منظم جرائم کی روک تھام کیلئے ٹھوس اقدامات میں تیزی لائی جائے راولپنڈی شہر میں ٹریفک کے مسائل کے حل کیلئے جامع حکمت عملی کے تحت بہترین انتظامات کئے جائیں اور اہم شاہراہوں، کاروباری و عوامی مراکز کے گردونواح میں پٹرولنگ فورسز کے گشت کے اوقات کار کو مزید بڑھایا جائے فورس کی ویلفیئر اور استعداد کار میں اضافے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں انہوں نے کہا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کے عمل میں جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے شہدائے پولیس ہمارا فخر ہیں جن کی لازوال قربانیاں پوری پولیس فورس کیلئے مشعل راہ ہیں شہدانے اپنی جانوں کی نذرانے پیش کرکے محکمہ کی عزت و توقیر میں اضافہ کیا ہے اور پنجاب پولیس اپنے شہدا کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی اور خوشی و غمی کے ہر موقع پر انکے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی بعدازاں پولیس افسران کے ساتھ اجلاس میں سی پی او راولپنڈی عمر سعید ملک نے آئی جی پنجاب کو یادگار شہدا کی تعمیر کے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے آئی جی پنجاب کو پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں زیر تعمیر سمارٹ سٹی، کمپلینٹ سیل اور راول لاؤنج پر پیش رفت بارے آگاہ کیا۔

بقیہ 38

خطرناک اسماعیل گینگ کو گرفتار کرلیا، ملزمان میں اسماعیل خان عرف طور ولد لعل بادشاہ، لطیف خان ولد عظیم خان، محمد داد عرف ماما ولد محمد ہاشم شامل ہیں، ملزمان نے ظہور احمد جو کہ فروٹ منڈی میں آڑھتی ہے سے گن پوائنٹ پر نقدی چھینی تھی جس پر تھانہ سبزی منڈی میں مقدمہ نمبر 485/22 مورخہ 06.04.2022 بجرم 392 ت پ درج ہے، پولیس ٹیم نے اس مقدمہ میں چھینے گئے 18 لاکھ 60 ہزار روپے، واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ 02 عدد پسٹل معہ ایمونیشن بھی برآمد کرلیا۔ابتدائی تفتیش میں ملزمان نے جڑواں شہروں میں مختلف وارداتوں کا انکشاف کیا، ملزم اسماعیل سرقہ بالجبر اور راہزنی کے 22 مقدمات میں چالان شدہ جبکہ ملزم لطیف خان سرقہ بالجبر کے 13 مقدمات میں چالان شدہ ہے، ملزمان روڈ پر لوگوں کا پیچھا کرتے اور راستہ روک کر ان سے گن پوائنٹ پر نقدی، موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان چھین لیا کرتے، اس کے علاوہ مختلف دفاتر اور سٹورز میں گھس کر گن پوائنٹ پر وارداتیں بھی کیا کرتے تھے، علاوہ ازیں ملزمان نے سبزی منڈی فروٹ منڈی اسلام آباد اور پیرودھائی اڈا راولپنڈی کے قرب و جوار میں مختلف لوگوں سے مختلف اوقات میں نقدی اور موبائل فون چھینے اور تقریباً 15 وارداتوں کا انکشاف کیا جنکی نشاندہی کی جارہی ہے، آئی جی اسلام آباد محمد احسن یونس نے پولیس ٹیم کی اعلی کارکردگی پر نقد انعامات اور تعریفی اسناد دیں، انہوں نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو ہر حال میں یقینی بنایا جائے گا، جرائم پیشہ عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے۔

بقیہ 39

نوجوانوں کو نہ صرف صحت و تندرستی میں نکھار پیدا ہوتا ہے بلکہ ملکی تعمیر و ترقی میں نوجوان اہم کردار ادا کرتے ہیں انہوں نے اپنے خطاب میں موجودہ سیاسی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک بال پر سب کی وکٹیں اڑانے والا اب عمران نیازی اب بنی گالہ تک محدود ہو چکا ہے اور ملک کی تمام جمہوری سیاسی جماعتیں ایک بار پھر ملکی خدمت کیلئے پارلیمنٹ میں اپنا کردار ادا کرنا شروع کر چکی ہیں اس موقع پر راولپنڈی سٹی صدر راجہ کامران حسین، سینئر نائب صدر چوہدری افتخار احمد اور پی پی رہنما شفیق جدون موجود تھے۔

بقیہ 40

میاں برادران نے برسر اقتدار آکر ہمیشہ عوام کی بے لوث خدمت کی ہے اور لوگوں کے مسائل کو بطریق احسن حل کیا ہے انہوں نے کہا کہ عوام پر عرصہ حیات تنگ کرنے والے پی ٹی آئی حکومت کا بوریا بستر گول ہو چکا ہے ملک سے مہنگائی بے روزگاری کا خاتمہ ہو چکا ہے میاں شہباز شریف پاکستانی عوام کے مسائل حل کریں گے اور ملک سے مہنگائی بے روزگاری کا خاتمہ کیا جائے گا عمران خان نے اپنی نااہلی کے باعث ملک کو بحرانوں میں دھکیل دیا تھا مگر اب اہل قیادت برسر اقتدار آچکی ہے اور بہت جلد ملک مسائل کی دلدل سے نکل کر تعمیر و ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہوجائے گا

بقیہ 41

بھر میں ضلع راولپنڈی میں 1444 چھاپے۔* 197 خلاف ورزیاں رپورٹ ہونے پر 2,28,000 روپے کا جرمانہ،جبکہ 08 عمارتیں سیل، ایک ایف آئی آر اور 06 گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں۔* تحصیل گوجر خان میں 339 چھاپوں میں 28 خلاف ورزیوں پر 78,500 روپے کا جرمانہ عائد اور 02 عمارتیں سیل * تحصیل کہوٹہ میں 51 چھاپوں میں 03 خلاف ورزیوں پر 1000 روپے کا جرمانہ عائد * کلرسیداں میں 191 چھاپے، 16 خلاف ورزیوں پر 13000 روپے کا جرمانہ عائد *مری میں 146 چھاپوں کے دوران 34 خلاف ورزیوں پر 4000 روپے کا جرمانہ اور 04 عمارتیں سیل * راولپنڈی کینٹ میں 205 چھاپے، 16 خلاف ورزیوں پر 19000 روپے کا جرمانہ اور 03 ایف آئی آر ز رجسٹر۔* راولپنڈی (سٹی) میں 106 چھاپوں کے دوران 14 خلاف ورزیوں پر 26000 روپے کا جرمانہ عائد اور 02 ایف آئی آرز رجسٹر * راولپنڈی (صدر) میں 270 چھاپوں کے دوران 67 خلاف ورزیوں پر 68000 کا جرمانہ عائد اور 02 عمارتیں سیل اور ایک ایف آئی آر رجسٹر ہوئی * تحصیل ٹیکسلا میں 96 چھاپوں کے دوران 19 خلاف ورزیوں پر 18500 روپے جرمانہ عائد اور ایک گرفتاری عمل میں لائی گئی۔

بقیہ 42

اور دوکانیں بھی سیل کیں اس کے ساتھ حد سے تجاوز کرنے والی دوکانوں کے تھڑے بھی توڑنے کا حکم دیا۔اسسٹنٹ کمشنر غلام عباس ہرل کے مطابق تجاوز کرنے والوں دوکانداروں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر سخت کاروائیاں جاری رکھی جائیں گیں جبکہ دوسری طرف آئے روز کی کاروائیوں کے باوجود بھی تجاوزات مافیا کے خلاف کاروائیوں سے کوئی خاطر خواہ نتائج برآمد نہیں ہو رہے آپریشن کے فوراً بعد طاقتور تجاوزات مافیا پھر سے تجاوزات قائم کر لیتے ہیں روزانہ کی بنیاد پر جرمانوں کے باوجود تجاوزات پر قابو پانا ناممکن نظر آرہا ہے۔

بقیہ 43

شہباز شریف ملک کی موجودہ معاشی صورتحال، خساروں اور قومی بیلنس شیٹ کے حقائق سے آگاہی حاصل کریں گے۔

بقیہ 44

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں 19 رمضان بازاروں میں صارفین کو آٹا، چینی، دالیں، پھل وسبزیاں، چکن، انڈے سمیت دیگر اشیائے خورد ونوش عام مارکیٹ سے رعایتی نرخوں پر دستیاب ہیں اور خریدار رمضان بازاروں میں اشیاء کی دستیابی اور معیار سے مطمئن نظر آرہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ کی تمام مشینری رمضان بازاروں کی مانیٹرنگ پر مامور ہے اور ماہ صیام کے بقیہ ایام میں بھی صارفین کو ریلیف کی فراہمی کا سلسلہ جاری رہے گا۔سی پی او نے بتایا کہ رمضان بازاروں میں سکیورٹی کے موثر اقدامات کئے گئے ہیں۔انہوں نے ضلعی انتظامیہ کی طرف سے رمضان بازاروں کے جملہ انتظامات کو سراہا۔اسسٹنٹ کمشنر سٹی صاحبزادہ محمد یوسف نے ڈپٹی کمشنر اور سی پی او کو رمضان بازاروں میں دستیاب اشیاء اور ان کی دستیابی و فروخت کے بارے میں آگاہ کیا۔

بقیہ 45

گی۔گندم کی بین الصوبائی ترسیل روکنے کے لیے صوبائی سرحدوں پر چیک پوسٹیں بدستور قائم ہیں۔ذرائع کے مطابق ایک ضلع سے دوسرے میں گندم کی ترسیل پر پابندی کے باعث اوپن مارکیٹ میں قیمتوں میں اضافہ ہوگیا تھا۔کراچی، حیدرآباد، مٹھی اور سکھر سمیت کئی شہروں میں آٹے کی قیمتوں میں اضافہ ہورہا تھا۔ذرائع نے بتایا کہ آٹے کی قیمتوں میں اضافے کے باعث گندم کی ترسیل پر پابندی ہٹانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 46

کہ بجلی شارٹیج کی وجہ سے 4 سے 5 گھنٹے غیر اعلانیہ بجلی کی بندش جاری ہے جبکہ اعلانیہ طور مختلف علاقوں میں 6 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ جاری تھی۔بجلی کی فراہمی میں کمی کی وجہ سے چوبیس گھنٹوں کے دوران بندش کا دورانیہ 10 گھنٹے ہوگیا ہے۔اس حوالے سے ترجمان حیسکو نے بتایا کہ حیسکو کی طلب 11ہزار میگا واٹ ہے جس میں ہمیں 600 سو میگا واٹ بجلی مل رہی ہے 500 سو میگا واٹ کی کمی درپیش ہے۔ترجمان حیسکو نے بتایا کہ شارٹ فال گدو پاور ہاؤس میں فنی خرابی کی وجہ ہو رہا ہے۔ایک جانب عوام شدید گرمی میں اذیت ناک صورتحال سے دوچار ہیں تو دوسری جانب تجارتی،کاروباری، صنعتی اور تعمیراتی سرگرمیاں معدوم ہوکر رہ گئی ہیں، جس سے روزانہ اجرت پر کام کرنے والے ایک بڑی تعداد میں بے روزگاری کا شکار ہیں اور ان کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے۔

بقیہ 47

ہماری توجہ مہنگائی کا مقابلہ کرتے ہوئے منجمد معیشت کو دوبارہ چلانا ہے۔

بقیہ 48

پی شعیب نسوانہ کے ہمراہ پنجاب انٹرمیڈیٹ سٹی امپرومنٹ پراجیکٹ کے تحت میلہ منڈی گراونڈ میں ملٹی پرپل سپورٹس کمپلیکس کی تعمیر، 49 ٹیل کے قریب نیا پاکستان ہاؤسنگ سکیم سے ملحقہ خالی سرکاری اراضی پر نیزہ بازی، اپولو گراؤنڈ اور ڈبلیو بلاک نیو سٹلائٹ ٹاؤن میں خالی اراضی پر جدید سہولیات سے آراستہ پبلک پارک بنانے کی مجوزہ سائٹس کا معائنہ کیا۔کمشنر کو بتایا گیا کہ ایشین ڈویلپمنٹ بنک کے تعاون سے پنجاب انٹرمیڈیٹ سٹی امپرومنٹ پراجیکٹ سرگودہا میں عوام کو تفریحی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تین اہم پراجیکٹس شروع کرنے کا ارادہ رکھتا ہے جس کا ہوم ورک مکمل کرلیا گیا ہے۔اس موقع پر پنجاب انٹرمیڈیٹ سٹی امپرومنٹ پراجیکٹ کے ڈائریکٹر نے اس ضمن میں تفصیلی بریفنگ بھی دی۔کمشنر نبیل جاوید نے کمپنی باغ اور ٹاہلی چوک میں لگائے گئے سستے رمضان بازاروں کا بھی معائنہ کیا۔انہوں نے مختلف سٹالز پر جا کر اشیائے خوردونوش کی قیمتوں اور کوالٹی کا بھی معائنہ کیا اور دونوں رمضان بازاروں میں چینی اور آلو پیاز کے سٹالز مزید بڑھانے کی ہدایت کی۔انہوں نے خواتین کے لیے چینی کے الگ سے کاونٹر بنانے کے احکامات بھی جاری کیے۔کمشنر نبیل جاوید کا کہنا تھا کہ سستے رمضان بازار حقیقی معنوں میں سہولت، کفایت اور آسانی کی مثال رہنے چاہیں۔اشیائے ضروریہ کی کوالٹی اور نرخ بھی عام بازاروں سے کم رکھی جائیں اور یہ سہولت لوگوں تک تواتر سے پہنچنی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ عام صارفین کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے جو پالیسی وضع کی گئی ہے اس پر ہر صورت عمل درآمد کو یقینی بنانے کے عمل کو جاری رکھا جائے۔سستے رمضان بازاروں میں چینی اور آٹے کے سٹالوں پر ڈیوٹی دینے والے ملازمین ریکارڈ کو مرتب کریں اور لوگوں کے ساتھ نرمی و محبت سے پیش آئیں۔انہوں نے ایگریکلچر فیئر پرائس شاپ، کریانہ کا ونٹر، گوشت کا ونٹر، چینی کانٹر، پھلوں و سبزیوں کے کاونٹر، آٹے کے سٹال سمیت دیگر اشیائے خوردونوش کے کاونٹرز کا معائنہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے سستے رمضان بازار میں آنے والے صارفین سے گفتگو بھی کی۔انہوں نے صارفین سے اشیائے ضروریہ کی کوالٹی اور نرخوں کے بارے میں بھی دریافت کیا۔صارفین نے سستے رمضان بازاروں میں بہترین کوالٹی کے پھل و سبزیاں، کریانہ کی اشیا کی فراہمی پر انتظامیہ کو خراج تحسین پیش کیا۔صارفین نے تمام سستے رمضان بازاروں میں آٹے اور چینی کی وافر دستیابی پر بھی اپنے اطمینان کا اظہار کیا۔اس موقع پر کمشنر کو کمپلینٹ سیل پر آنے والی شکایات پر فوری ایکشن، مانیٹرنگ کے نظام، سستے رمضان بازاروں میں پارکنگ کی سہولت، سکیورٹی کے انتظامات اور سستے رمضان بازاروں میں تواتر سے پھل سبزیوں، اشیائے ضروریہ کی فراہمی کے لیے کیے گئے انتظامات سے متعلق بریفنگ دی گئی۔

بقیہ 49

ڈی این ایس) پالیسی طریقہ کار نافذ کر دیا ہے۔جس کے تحت غیر قانونی مواد کی خود کار، موثر اور بلا رکاوٹ بلاکنگ کو فوری یقینی بنایا جاسکے گا۔اس طریقہ کار کا افتتاح اتھارٹی نے پی ٹی اے ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں کیا۔سی-ڈی این ایس طریقہ کار کی تیاری مہینوں پر مشتمل مشترکہ کاوشوں، ٹیلی کام شعبے اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشترکہ تعاون کے تحت عمل میں لائی گئی ہے۔

بقیہ 50

ممبران سمیت شفاء فاونڈیشن کے نمائندے بھی موجود تھے جو ایم او یو کے تحت دونوں ادارے بہترین شراکت داری کے ساتھ کام کریں گے۔

بقیہ 51

تجدید 486.2 ملین امریکی ڈالر کی فیس پر 15 سال کیلئے کی گئی ہے، جس میں سے جاز نے 50 فیصد رقم 44.54 ارب روپے (243.1 ملین امریکی ڈالر کے مساوی) ادا کردی ہے اور بقایا رقم قابل اطلاق مارک اپ کے ساتھ 5 مساوی سالانہ اقساط میں ادا کی جائے گی۔تجدید شدہ لائسنس میں کوریج اور سروس کے معیار کے حوالے سے اضافی شرائط وضوابط شامل کئے گئے ہیں۔لائسنس کی تجدید کی تقریب پی ٹی اے ہیڈ کوارٹرز میں ہوئی جس میں وفاقی سیکرٹری برائے آئی ٹی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن ڈاکٹر محمد سہیل راجپوت، چیئرمین پی ٹی اے، میجر جنرل (ریٹائرڈ) عامر عظیم باجوہ؛ ممبر کمپلائنس اینڈ انفورسمنٹ (پی ٹی اے)، ڈاکٹر خاور صدیق کھوکھر اور پی ایم سی ایل (جاز)، پی ٹی اے، وزارت آئی ٹی اور فریکوئنسی ایلوکیشن بورڈ کی سینئر انتظامیہ نے شرکت کی۔

بقیہ 52

راولپنڈی ضلع میں اب تک کورونا وائرس سے متاثرہ کل 43017 مریضوں میں سے41661 ڈسچارج جبکہ 1333 اموات ہوئیں ہیں ایکٹو کیسوں کی تعداد 23 ہے جن میں سے22 ہوم آئیسولیشن جبکہ 1 ابھی تک ہسپتال میں زیرعلاج ہے گزشتہ 24 گھنٹوں میں راولپنڈی ضلع میں کل 2 کنفرم مریض رپورٹ ہوئے جن کا تعلق راولپنڈی کینٹ سے ہے اس وقت بلال ہسپتال میں 1 مریض زیر علاج ہے راولپنڈی ضلع میں گزشتہ 24 گھنٹوں میں کرونا وائرس سے کوئی موت واقع نہیں ہوئی ہے۔

بقیہ 53

کررہے ہیں، اگر کسی بھی شخص کو پولیس اہلکاروں یا تھانے کے معاملات میں کوئی مسئلہ درپیش ہے تو وہ کھلی کچہری میں آسکتا ہے، کھلی کچہری میں آئی جی اسلام آباد نے افسران کو بذریعہ ٹیلی فون ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مقدمات کے اندراج میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی غفلت لاپرواہی کے مرتکب افسران کے سخت محکمانہ کارروائی کی جائے گی، آئی جی اسلام آباد نے شہریوں کی شکایات پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مقرر کردہ ٹائم فریم میں درخواستوں کو میرٹ پر حل کر کے رپورٹ سنٹرل پولیس آفس بھجوائیں، آئی جی اسلام آباد نے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات دیں کہ وہ اپنے دفاتر میں مقررہ کئے گئے ٹائم کی پابندی کریں اور شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں، انہوں نے افسران کو سختی سے ہدایات جاری کیں کہ قبضہ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے اور انہیں گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی سہولیات کے لئے مختلف اقدامات اٹھا رہی ہے، کھلی کچہری کے روزانہ کی بنیاد پر انعقاد سے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے میں مدد مل رہی ہے، آئی جی اسلام آباد نے تمام زونل افسران اور ایس ایچ اوز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے دفاتر میں مقرر کردہ ٹائم پر شہریوں سے ملاقات کریں اور ان کے مسائل کو بروقت اور میرٹ پر حل کریں۔

بقیہ 54

کوشش قرار دیا۔کویندر گپتا کا کہنا تھا کہ جس طرح پاکستان کے نومنتخب وزیراعظم شہباز شریف نے کشمیر کے مسئلے کو اٹھایا ہے وہ نہ صرف ان کے لیے خطرناک ہے اور انہیں اپنے ملک کو درپیش مشکلات پر توجہ دینی چاہیے۔انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ پاکستان کے حکمرانوں نے ہمیشہ اقوام متحدہ اور دیگر عالمی فورموں پر مسئلہ کشمیر کو اٹھانے کی کوشش کی ہے جو کہ ناقابل برداشت ہے۔وزیراعظم منتخب ہونے کے بعد اپنی افتتاحی تقریر میں شہباز شریف نے زور دے کر کہا تھا کہ ان کی حکومت بھارت کے ساتھ اچھے تعلقات چاہتی ہے لیکن جب تک کشمیر کا دیرینہ تنازعہ حل نہیں ہوتا پاکستان اور بھارت کے درمیان پرامن تعلقات قائم نہیں ہوسکتے۔اس کے علاوہ انہوں نے دفعہ 370 کی منسوخی اور مقبوضہ کشمیر کے عوام پر اس کے منفی اثرات کی بھی مذمت کی تھی۔

بقیہ 55

دوران 81 شکایات موصول ہوئیں جن میں سے 75 شکایات کا بروقت ازالہ کردیا گیا ہے جبکہ 42 شکایات پر فیڈ بیک موصول ہو چکا ہے، ان شکایات کا بھی جلد ازالہ کردیا جائے گا، مجموعی طور پر حل ہونے والی شکایات سے مطمئن ہونے والی شہریوں کی شرح 74.8 فیصد رہی، انہوں نے بتایا کہ عوامی حلقوں میں اسلام آباد ٹریفک پولیس کے اس اقدام کو سراہا جارہا ہے۔ان کے علاوہ اسلام آباد ٹریفک پولیس کے سوشل میڈیا سیل پر جس میں ٹویٹر، فیس بک اور انسٹاگرام شامل ہیں پر بھی شہریوں کی شکایات کا ازالہ کیا ایس ایس پی ٹریفک نے ٹریفک پولیس افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی طرف سے پی ایم پورٹل پر موصول ہونے والی شکایات کا ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے زیرالتوا شکایات بھی فوری طور پر نمٹائی جائیں، غیر مطمئن شکایات کنندگان کو بلا کر ان کے ساتھ ملاقات بھی کریں اور ان کی شکایت کا فوری طور پر ازالہ کریں ایسے اقدام سے مختلف طبقہ ہائے فکر میں پولیس کے متعلق مثبت تاثر اجاگر ہوگا۔

بقیہ 56

امن وسکون آ گیا۔خدا کا شکر ہے، ملک جنونی کیفیت سے محفوظ رہا۔خدا جسے عزت دے، اس کا احترام ضروری ہو جاتا ہے۔ملک بچانے کیلئے عظیم فیصلے کرنے ہونگے۔اقتدار کانٹوں بھرا جنگل ہے، لیکن جب عوامی مسائل حل ہوتے رہے، تو پھر یہ پھولوں کی سیج بن جائیگا۔غیرت مند قومیں مشکلات سے گھبرایا نہیں کرتی۔اب وقت آگیا ہے، جب پاکستان کو ایک عہد ساز دور میں داخل ہونے کیلئے سمت کا تعین ہوتا نظر آرہا ہے۔کسی بھی سیاسی مصلحت اور بیرونی پریشر کو آڑے نہ آنے دیا جائے۔شہباز شریف اپنی بہترین صلاحیتوں کی بدولت عوامی مسائل حل کرنے کا ہنر جانتے ہیں۔اقتدار آنی چیز ہے، اصل حکمرانی عوام کے دلوں پر کی جاتی ہے۔اظہار بخاری نے کہا آج پاکستان جن مشکلات اور آزمائش کی گھڑیوں سے گزر رہا ہے، اسے مشکلات کے بھنور سے نکالنے، تعمیر و ترقی کی منزل پر لے جانے کیلئے انتھک محنت کرنی ہوگی۔وزیراعظم شہباز شریف پر ذمہ داریاں بڑھ گئیں، بڑے عہدے کے ساتھ بڑے اہم اور مضبوط فیصلے کرنے ہونگیں۔دعا ہے، کہ خدا تعالیٰ شہباز شریف کو مشکلات اور آزمائش کی بھٹی سے کندن بنا کر نکالے۔

سردار عبدالقیوم نیازی کے خلاف بھی تحریک عدم اعتماد جمع

وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عبدالقیوم نیازی کے خلاف تحریک عدم اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرائی گئی جس پر 25 ارکان کے دستخط ہیں

سردار عبدالقیوم کے خلاف تحریک عدم اعتماد کی کامیابی کیلئے 53 کے ایوان میں سے 27 ارکان کی حمایت درکار ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عبدالقیوم نیازی کے خلاف بھی تحریک عدم اعتماد جمع کرادی گئی۔ وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عبدالقیوم نیازی کے خلاف تحریک عدم اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرائی گئی جس پر 25 ارکان کے دستخط ہیں۔ تحریک عدم اعتماد وزیر مالیات ماجد خان اور اکبر ابراہیم نے جمع کرائی جبکہ درخواست گزاروں کی جانب سے متبادل وزیراعظم کیلئے سردار تنویر الیاس کا نام تجویز کیا گیا ہے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر کے خلاف تحریک عدم اعتماد کی کامیابی کیلئے 53 کے ایوان میں سے 27 ارکان کی حمایت درکار ہوگی، تحریک عدم اعتماد پر 3 دن بعد اور 7 روز کے اندر ووٹنگ لازم ہے۔ واضح رہے کہ سابق وزیراعظم عمران خان کے خلاف بھی اپوزیشن نے تحریک عدم اعتماد قومی اسمبلی میں جمع کرائی جس کی کامیابی پر عمران خان وزارت عظمیٰ سے فارغ ہوگئے۔

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی طاہر فاروق اے سی سٹی زنیرہ آفتاب کے ہمراہ رمضان بازار کا معائنہ کررہے ہیں

مریم نواز کا خاندان کے افراد کے ہمراہ وزیراعظم ہاؤس کا دورہ، ویڈیو وائرل

اسلام آباد (این این آئی) شہباز شریف کے وزیراعظم منتخب ہونے کے بعد مسلم لیگ (ن) کی رہنما مریم نواز نے خاندان کے دیگر افراد کے ہمراہ وزیراعظم ہاؤس کا دورہ کیا جس کی ویڈیو وائرل ہوگئی۔ ٹوئٹر پر مریم نواز کے پولیٹیکل سیکرٹری ذیشان ملک نے ایک ویڈیو شیئر کی جس میں انہوں نے مریم نواز اور حمزہ شہباز کی وزیراعظم ہاؤس آمد کی اطلاع دی۔ ویڈیو میں مریم نواز کو شوہر کیپٹن (ر) صفدر اور حمزہ شہباز کے ہمراہ وزیراعظم ہاؤس میں آتا دیکھا جاسکتا ہے۔ واضح رہے کہ شہباز شریف گزشتہ روز قومی اسمبلی سے 174 ووٹ لے کر پاکستان کے 23 ویں وزیراعظم منتخب ہوئے۔

آئندہ مالی سال میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں کمی کا امکان

نئی حکومت کے ساتھ آئی ایم ایف حکام دوبارہ بات چیت کریں گے

چین اور پاکستان کی دوطرفہ مالی اعانت مضبوط رہے گی، رپورٹ

کراچی (این این آئی) عالمی ادارے فچ نے آئندہ مالی سال میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں کمی کا امکان ظاہر کیا ہے۔ فچ نے پاکستان کی معیشت بارے رپورٹ جاری کی ہے جس کے مطابق آئندہ مالی سال میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں کمی کا امکان ہے۔ عالمی ادارہ فچ کے مطابق رواں مالی سال کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ جی ڈی پی کا 5 فیصد رہنے کا امکان ہے جبکہ پاکستان کو آئندہ مالی سال 20 ارب ڈالر کی بیرونی ادائیگیاں کرنی ہوں گی۔ فچ کا اپنی رپورٹ میں کہنا ہے کہ آئندہ مالی سال چین اور سعودی عرب کے 7 ارب ڈالر کی ادائیگیاں کرنی ہیں، چین اور سعودی عرب سے لیا گیا قرض رول اوور بھی کیا جاسکتا ہے۔ آئندہ مالی سال کے دوران کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ جی ڈی پی کا 4 فیصد رہنے (بقیہ نمبر 32)

سال 2030 میں دو مرتبہ رمضان المبارک آئیگا

سال 2030 میں مسلمان دوبار رمضان کے روزے رکھیں گے، سعودی ماہر فلکیات

کراچی (این این آئی) سال 2030 میں دو مرتبہ رمضان المبارک کا مقدس مہینہ آئیگا۔ سعودی ماہر فلکیات خالد الزقاق نے اپنے ٹوئٹر اکاؤنٹ پر پوسٹ کی گئی ایک ویڈیو بتایا ہے کہ سال 2030 میں مسلمان دوبار رمضان کے روزے رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی کیلنڈر قمری ادوار جبکہ عیسوی کیلنڈر سورج کے گرد زمین کے گردش کی نشان دہی کرتا ہے۔ رمضان ایک عیسوی سال میں تقریباً ہر 30 سال میں دوبار آتا ہے۔ ہجری سال 1451ھ میں رمضان المبارک کا آغاز 5 جنوری 2030 کے آس پاس ہوگا اور سال 1452ھ میں رمضان 26 دسمبر 2030 کے آس پاس آئے گا۔ اس طرح سے مسلمان 2030 میں مجموعی طور پر تقریباً 36 دن روزے رکھیں گے۔ آخری بار ایسا 1997 میں (بقیہ نمبر 33)

مدینہ منورہ، صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری پاکستانی قونصلیٹ جدہ میں سعودیہ میں مقیم کشمیریوں کی نشست سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان کی معیشت کیلئے خطرے کی گھنٹی بجادی

سیاسی عدم استحکام کے باعث ملکی معیشت متاثر اور آئی ایم ایف قرض پروگرام کی بحالی مشکلات کا شکار ہوسکتی ہے

ٹیکس اصلاحات پلان پر عمل درآمد میں مشکلات ہوسکتی ہیں جبکہ پیٹرولیم مصنوعات پر سبسڈی سے مالی مشکلات میں اضافہ ہوا ہے

کراچی (این این آئی) عالمی ادارے فچ نے پاکستان کی معیشت کے لیے خطرے کی گھنٹی بجادی اور کہا کہ سیاسی عدم استحکام کے باعث ملکی معیشت متاثر ہوسکتی ہے۔ فچ نے اپنی جاری کردہ رپورٹ میں کہا ہے کہ رواں سال جاری کھاتوں کا خسارہ 4 سے بڑھ کر 5 فیصد ہوسکتا ہے، جاری کھاتوں کا خسارہ 18.5 ارب ڈالرز ہوسکتا ہے۔ عالمی ادارے کے مطابق آئندہ سال پاکستان کو 20 (بقیہ نمبر 35)

شہباز شریف کے وزیراعظم بننے کی خوشی میں راولپنڈی میں جشن

مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی سمیت اپوزیشن جماعتوں کے کارکنان شکرانے نوافل ادا کئے

راولپنڈی (اے ایف بی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی صدر میاں محمد شہباز شریف کے وزیراعظم بننے اور عمران خان حکومت کے خاتمے کی خوشی میں ملک بھر کی طرح راولپنڈی میں جشن کا سلسلہ منگل کے روز بھی جاری رہا مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی سمیت اپوزیشن جماعتوں کے کارکنان نے خدا کے حضور شکرانے کے نوافل ادا کئے جبکہ میاں شہباز شریف کے حلف اٹھانے کی خوشی میں لیگی کارکنوں نے ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالے اور مٹھائیاں تقسیم کی گئیں، آتش بازی بھی کی گئی، جامعہ مسجد روڈ پر اپوزیشن کے متفقہ موجودہ نومنتخب وزیراعظم شہباز شریف میاں محمد شہباز شریف کے وزیراعظم بننے اور عمران نیازی حکومت کے خاتمے کی خوشی میں مٹھائیاں تقسیم کی گئیں اور زبردست آتش بازی کی گئی، مسلم لیگ (بقیہ نمبر 36)

سرگودھا: تھانہ اربن ایریا پولیس کی کاروائی

تین منشیات فروش رنگے ہاتھوں گرفتار، 3 کلوگرام سے زائد چرس برآمد

سرگودھا (خواجہ محمد عثمان سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر رضوان احمد خان کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ اربن ایریا عمر عبداللہ نے اسسٹنٹ سب انسپکٹر زحق نواز، منور مسیح اور مسعود الحسن و دیگر ملازمان پر مشتمل ٹیموں کے ہمراہ مختلف علاقوں میں ریڈ کر کے منشیات فروشی میں ملوث ملزمان علی مصطفیٰ سے چرس 1 کلو 155 گرام، محمد شہزاد سے چرس 1 کلو 120 گرام اور فیاض احمد سے چرس 1 کلو 130 گرام برآمد کر کے گرفتار ملزمان کے خلاف منشیات فروشی کی دفعات کے تحت الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے ہیں

سرگودھا: تھانہ اربن ایریا پولیس کی کاروائی کے دوران گرفتار منشیات فروش اور ان سے برآمد ہونے والی چرس

درخواست گزار تمام 62 ملازمین دوبارہ بحال

نوجوان قانون دان چوہدری مدثر حسن ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے کیس کی پیروی کی



چکوال (راجہ افتخار سے) نیشنل انڈسٹریل ریلیشنز کمیشن اسلام آباد میں زیر التواء مقدمہ بعنوان اُسامہ مشتاق بنام سکائی رومز پرائیویٹ لیمیٹڈ کا فیصلہ درخواست گزار ملازمین کے حق میں آگیا۔ ملازمین کی جانب سے نوجوان وکیل چوہدری مدثر حسن ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے مقدمہ دائر کر رکھا تھا جسکے مطابق سکائی رومز پرائیویٹ کمپنی جو کہ پی آئی اے کی ذیلی کمپنی ہے، نے کرونا کرائسز کی آڑ میں سینکڑوں ملازمین کو سال 2020 سے برطرف کر رکھا تھا۔ ممبر کمیشن نور زمان نے چوہدری مدثر حسن کے دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے برطرفی غیر قانونی قرار دے دی اور تمام باسٹھ 62 درخواست گزار ملازمین کی نوکریاں فوری بحال کرنے کے احکامات جاری کردیئے

سرگودھا، مسلح افراد کی فائرنگ سے جاں بحق دو سگے بھائیوں سمیت 3 افراد کی نعشیں ورثاء کے سپرد

سرگودھا (این این آئی) آتشیں اسلحہ سے مسلح افراد کی کار پر اندھا دھند فائرنگ سے جاں بحق دو سگے بھائیوں سمیت 3 افراد کی نعشیں پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کردی گئیں جن میں ایک بھائی بیرون ملک فرانس پلٹ اور ساتھی مقتول سرگودھا کا رہائشی بتلایا جارہا ہے، جن کو نماز جنازہ کے بعد سپرد خاک کردیا گیا بیرون ملک مقیم کی گزشتہ شب فرانس واپسی تھی۔ پولیس نے تہرے قتل کا مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی جبکہ آئی جی پنجاب نے شاہراہ عام پر فائرنگ کا نوٹس لیتے ہوئے تہرے قتل کی رپورٹ طلب کرلی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا لالہ موسیٰ ریلوے لائن کے جنکشن ملکوال سے کار سوار موضع کھیڑہ کے دو سگے بھائی فرانس پلٹ نوید عباس اور غلام عباس اپنے ساتھی سرگودھا کے شہزاد کے ہمراہ کار پر سوار جارہے تھے کہ منڈی بہاؤالدین روڈ پر موضع کتوال اڈا کے قریب گھات لگائے آتشیں اسلحہ سے مسلح افراد نے کار پر اندھا دھند فائرنگ (بقیہ نمبر 34)

نگران وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے سرکاری محکموں کی سمریاں واپس بھجوانا شروع کردیں

لاہور (این این آئی) نگران وزیراعلیٰ عثمان بزدار کی جانب سے محکموں کی سمریاں واپس کرنا شروع کردی گئی ہیں، وزیراعلیٰ نے پالیسی معاملات کی سمریاں منظور نہیں کی ہیں، ایوان وزیراعلیٰ کے مطابق وزیراعلیٰ صرف روزمرہ معاملات چلا رہے ہیں۔ مختلف محکموں کو سمری بغیر منظوری کے وصول ہونا شروع ہوگئی ہے، جبکہ سمریاں منظور نہ ہونے کی وجہ سے محکمانہ امور بھی ٹھپ ہوگئے ہیں۔

عمران خان دوبارہ وزیراعظم بنیں گے تو سب چور پکڑے جائینگے، اسلم خان شیروانی

شیخوپورہ (محمد نواز سے) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما و سابق صدر انصاف ویلفیئر ونگ ڈاکٹر اسلم خان شیروانی نے کہا ہے کہ عمران خان دوبارہ وزیراعظم پاکستان بنے گے سب چور ڈاکو پکڑے جائیں گے سازشوں کی خوشی چند روز کی ہے قوم امریکی ایجنٹوں کو اقتدار کے ایوانوں سے باہر نکال دیں گی اقتدار کی قربانی دیکر چیئرمین عمران خان نے امریکی ایجنٹوں اور ضمیر فروشوں کو قوم کے سامنے ننگا کردیا ہے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر اسلم خان شیروانی نے کہا کہ غیر ملکی آقاؤں کے اشاروں پر ملکی مفادات کو نقصان پہنچانے والے تیار رہے عمران خان خان کے ساتھ پوری قوم ان کا گریبان پکڑنے آرہی ہے۔

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی بحالی پر وزیراعظم کو خراج تحسین پیش کیا ہے خالد نواز

راولپنڈی (اے ایف بی) پاکستان پیپلز پارٹی پنجاب کے نائب صدر ملک خالد نواز بوبی نے کہا ہے کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی بحالی پر وزیراعظم کو خراج تحسین پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو کے نظریہ کی کامیابی ہے کہ گزشتہ روز قومی اسمبلی میں بھٹو شہید کے نعرے لگائے گئے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی پی رہنما شفیق جدون کے زیر اہتمام بارواں سالانہ ''محترمہ بینظیر بھٹو شہید ٹورنامنٹ'' کے موقع پر نقد انعامات اور ٹرافیاں تقسیم کرتے ہوئے کیا ملک خالد نواز بوبی نے کہا ہے کہ سابق صدر آصف علی زرداری کی سیاسی بصیرت کی وجہ سے ملک سے بداخلاقی بدتمیزی اور رعونت کا دور ختم ہوا اب انشاء اللہ عوامی فلاح کے منصوبوں پر جلد عمل درآمد ہوگا اور ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا ملک خالد نواز بوبی نے اپنے خطاب میں کہا ہے کہ کھیلوں سے (بقیہ نمبر 39)

میاں شہباز شریف کو وزیراعظم بننے پر مبارکباد

شہباز شریف کی قیادت میں ملک تعمیر و ترقی کی منازل طے کرے گا، چوہدری کاشف گجر

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجر خان مسلم لیگ ن کے یوتھ راہنما چوہدری کاشف گجر نے میاں شہباز شریف کو وزیراعظم پاکستان بنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ میاں شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان تعمیر و ترقی کی حقیقی منازل طے کرے گا میاں شہباز شریف نے اپنے دور میں پنجاب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کرائے ان کی قائدانہ صلاحیتوں کا ہر کوئی معترف ہے ان کا بطور وزیراعظم پاکستان منتخب ہونا پاکستان کیلئے انتہائی نیک شگون ہے (بقیہ نمبر 40)

ڈپٹی کمشنر طارق فاروق کا سستے رمضان بازار کا دورہ

چیزوں کی مقدار و کوالٹی کے علاوہ صفائی اور ریٹ لسٹ کو نمایاں جگہ پر آویزاں کرنے کا حکم

راولپنڈی (عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر طاہر فاروق کا اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) ڈاکٹر زونیرا کے ہمراہ ڈبل روڈ پر لگے سستے رمضان بازار کا دورہ۔ *رمضان میں دی جانے والی سہولیات کا جائزہ۔ *چیزوں کی مقدار و کوالٹی کے علاوہ صفائی اور ریٹ لسٹ کو نمایاں جگہ پر آویزاں کرنے کو چیک کیا گیا۔ *انتظامیہ کی طرف سے ذخیرہ اندوزی، گراں فروشی اور مصنوعی مہنگائی پیدا کرنے کے خلاف بلا امتیاز کاروائی کی جارہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی طاہر فاروق *پرائس کنٹرول کمیٹی رپورٹ کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں ضلع (بقیہ نمبر 41)

اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کا تجاوزات مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن

طاقتور تجاوزات مافیا آپریشن کے بعد پھر تجاوز ہوکر ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے میں مصروف

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان مہر غلام عباس ہرل کا تجاوزات مافیا اور گراں فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری تجاوزات مافیا نے بھی شہر میں مضبوطی سے پنجے گاڑے ہوئے ہیں آپریشن ہوجانے کے بعد پھر سے تجاوزات قائم کرلی جاتی ہیں آج گوجر خان شہر میں مختلف جگہوں پر آپریشنز کیے گے جس میں صرافہ بازار مین بازار اور حلوائی گلی فاروق ہوٹل والی سائیڈز پر آپریشنز کے دوران متعدد دوکانداروں کو جرمانے کیے اور سامان بھی ضبط کر کے بلدیہ آفس میں منتقل کیا (بقیہ نمبر 42)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی طاہر فاروق سستا رمضان بازار کا معائنہ کررہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف کا معاشی صورتحال پر تفصیلی غور

اہم مالیاتی فیصلوں کیلئے معاشی ماہرین کا ہنگامی اجلاس طلب کرلیا

اسلام آباد (آئی آئی پی) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک کو درپیش سنگین معاشی صورتحال پر تفصیلی غور اور اہم مالیاتی فیصلوں کیلئے معاشی ماہرین کا ہنگامی اجلاس طلب کرلیا۔ منگل کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں نامور معاشی ماہرین شرکت کررہے ہیں۔ اجلاس میں ملک کو درپیش موجودہ سنگین معاشی صورتحال پر تفصیلی غور کیا جائے گا اور معاشی ماہرین کی آرا کی روشنی میں معاشی اور مالیاتی اقدامات کے بارے میں اہم فیصلے کئے جائیں گے۔ وزیراعظم (بقیہ نمبر 43)

ڈپٹی کمشنر اور سی پی او کا اسلام نگر کے رمضان بازار کا دورہ

اشیائے ضروریہ کی دستیابی، معیار اور قیمتوں کے فرق کو چیک کیا

فیصل آباد (چیف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر علی شہزاد اور سی پی او غلام مبشر میکن نے ریاض شاہد چوک اسلام نگر کے رمضان بازار کا دورہ کیا اور ایگری کلچر فیئر پرائس شاپ پر 13 مختلف بنیادی اشیائے ضروریہ کی دستیابی، معیار اور عام مارکیٹ سے قیمتوں کے فرق کو چیک کیا۔ انہوں نے آٹا، چینی، کریانہ کی اشیاء، چکن، مٹن و بیف اور دیگر اشیاء کی دستیابی کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے بازار میں صفائی ستھرائی، میڈیکل کیمپ و دیگر انتظامات کو بھی سراہا۔ انہوں نے صارفین سے رمضان بازاروں کی افادیت بھی دریافت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے (بقیہ نمبر 44)

وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عبدالقیوم نیازی پوزیشن حاصل کرنیوالے طلباء و طالبات میں انعامات تقسیم کررہے ہیں

سندھ حکومت نے ضلعی سطح پر گندم کی ترسیل پر عائد پابندی اٹھالی

تمام ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈز اور ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولرز کو ہدایات جاری کردی گئیں

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے گندم کی ترسیل پر عائد پابندی اٹھالی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سندھ حکومت نے گندم کی ایک ضلع سے دوسرے ضلع میں گندم کی ترسیل پر عائد پابندی اٹھالی ہے، تمام اضلاع میں قائم چیک پوسٹیں بھی ختم کردی گئیں۔ محکمہ خوراک کی جانب سے تمام ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈز اور ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولرز کو ہدایات جاری کردی گئیں۔ تاہم گندم کی بین الصوبائی نقل و حمل پر پابندی برقرار رہے (بقیہ نمبر 45)

حیدرآباد، رمضان المبارک میں بھی بجلی کا بحران برقرار

لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 10 گھنٹے تک جا پہنچا، 500 سو میگاواٹ کی کمی درپیش ہے

حیدرآباد (این این آئی) رمضان المبارک میں بھی بجلی کے بدترین بحران کا سلسلہ برقرار ہے جبکہ لوڈشیڈنگ دورانیہ 10 گھنٹے تک جا پہنچا ہے۔ حیسکو اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ماہ رمضان المبارک میں بجلی کی سپلائی کو ممکن بنانے کیلئے خصوصاً سحری اور افطاری کے اوقات میں جو دعوے کئے گئے تھے وہ سب صرف دعوے ثابت ہوئے ہیں۔ سحری اور افطاری کے اوقات میں بجلی کی لوڈشیڈنگ معمول بن چکی ہے اور ان اوقات میں بجلی نہیں ہوتی جس کی وجہ سے روزہ داروں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ذرائع نے بتایا (بقیہ نمبر 46)

بیساکھی میلہ میں شرکت کیلئے آنے والے سکھ یاتروں کا واہگہ بارڈر پر گروپ فوٹو

وزیراعظم کی پاکستان کی عوام کو اقتدار کی پرامن منتقلی پر مبارکباد

ہمارے لیے فخر کی بات ہے کہ تمام ادارے آئین کی پاسداری کو رہنما اصول سمجھتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے نو منتخب وزیراعظم شہباز شریف نے ایک ٹوئٹ میں پاکستان کی عوام کو اقتدار کی پرامن منتقلی پر مبارکباد پیش کی ہے۔ انھوں نے ایک ٹوئٹر تھریڈ میں کہا کہ یہ ہمارے لیے فخر کی بات ہے کہ آج ہمارے تمام ادارے آئین کی پاسداری کو رہنما اصول سمجھتے ہیں۔ انھوں نے لکھا کہ ہم دوسرے ممالک کے ساتھ باہمی احترام، امن اور برابری کی بنیاد پر اپنے روابط میں بہتری لانے کی کوشش کرتے رہیں گے۔ (بقیہ نمبر 47)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

سرگودھا، کمشنر نبیل جاوید نے عوام کو فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا

کمشنر نبیل جاوید نے کمپنی باغ اور ٹاہلی چوک میں لگائے گئے سستے رمضان بازاروں کا بھی معائنہ کیا

خواتین کے لیے چینی کے الگ سے کاؤنٹر بنانے کے احکامات بھی جاری کیے، کمشنر نبیل جاوید

سرگودھا (آئی آئی پی) کمشنر نبیل جاوید کا ایشین ڈویلپمنٹ بنک کے تعاون سے پنجاب انٹرمیڈیٹ سٹی امپرومنٹ پراجیکٹ کے تحت سرگودھا سٹی میں شہریوں کی تفریح کے لیے تجویز کردہ نیزہ بازی گراؤنڈ، ایولو گراؤنڈ، ملٹی پرپل سپورٹس کمپلیکس اور پبلک پارک کی مجوزہ سائٹس کا معائنہ، کمپنی باغ اور ٹاہلی چوک میں لگائے گئے سستے رمضان بازار بھی گئے اور عوام کو فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر نبیل جاوید نے ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ بلال حسن، ڈی جی پی ایچ اے رائے یاسر بھٹی اور اے ڈی سی ایف اینڈ (بقیہ نمبر 48)

راولپنڈی چیمبر آف کامرس اور شفاء فاؤنڈیشن کے درمیان مفاہمت کی دستاویز پر دستخط

راولپنڈی (اے ایف بی) راولپنڈی چیمبر آف کامرس اور شفاء فاؤنڈیشن کے درمیان مفاہمت کی دستاویز پر دستخط ہوئے ہیں۔ ایم او یو پر صدر ندیم رؤف جبکہ شفاء فاؤنڈیشن کی جانب سے ڈاکٹر خدیجہ اظہر نے دستاویز پر دستخط کئے اس موقع پر سینئر نائب صدر عاصم ملک، ایگزیکٹو ممبران اور چیمبر (بقیہ نمبر 50)

ضلع بھر میں اب تک 6767648 افراد کو کورونا ویکسین لگائی جاچکی ہے نورالامین

راولپنڈی (اے ایف بی) کمشنر راولپنڈی نورالامین مینگل نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں اب تک 6767648 افراد کو کورونا ویکسین لگائی جاچکی ہے جن میں سے 6722938 عام شہری جبکہ 44710 فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز شامل ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے روزانہ کی بنیاد پر کورونا وائرس کے سلسلے میں کئے جانے والے اقدامات کے جائزہ اجلاس کے موقع پر کیا اجلاس میں بتایا گیا کہ (بقیہ نمبر 52)

پی ٹی اے نے فحش مواد کی روک تھام کیلئے نظام متعارف کروادیا

غیر قانونی مواد کی خودکار، مؤثر اور بلا رکاوٹ بلاکنگ کو فوری یقینی بنایا جاسکے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے الیکٹرانک جرائم کی روک تھام کے ایکٹ (پی ای سی اے 2016) سیکشن 37 میں بیان کردہ فحش/غیر اخلاقی مواد کی روک تھام کے لئے سینٹرل ڈومین نیم سسٹم (سی۔ (بقیہ نمبر 49)

پی ٹی اے نے جاز لائسنس کی تجدید کردی

لائسنس کی تجدید 486.2 ملین امریکی ڈالر کی فیس پر 15 سال کیلئے کی گئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت کی جانب سے جاری کردہ پالیسی ہدایات کی روشنی میں پاکستان موبائل کمیونیکیشنز لمیٹڈ (جاز) نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کے ساتھ تجدید شدہ لائسنس پر دستخط کر دیئے۔ لائسنس کی (بقیہ نمبر 51)

تحریک انصاف پنجاب کے صدر شفقت محمود پریس کانفرنس کررہے ہیں

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ثانیہ نشتر مستعفی

خدمت کا موقع دینے پر عمران خان کا شکریہ ادا کرتی ہوں، ڈاکٹر ثانیہ نشتر معاون خصوصی بھی رہیں

وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عبدالقیوم نیازی کو چیئرمین تعلیمی بورڈ پروفیسر قاضی محمد ابراہیم شیلڈ پیش کررہے ہیں

اسلام آباد (اے ایف بی): بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کی چیئرپرسن ڈاکٹر ثانیہ نشتر اپنے عہدے سے مستعفی ہوگئیں۔ سوشل میڈیا سائٹ ٹوئٹر پر ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ میں نے بی آئی ایس پی چیئرپرسن کے عہدے سے استعفی دے دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے خدمت کا موقع دینے پر عمران خان کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور انکی قیادت میں ملک کی خدمت میرے لیے اعزاز تھی۔

اسسٹنٹ کمشنر سٹی کا بنی کے علاقے میں مختلف گوشت کی دکانوں اور آٹا چکیوں کا دورہ کیا

راولپنڈی (اے ایف بی) اسسٹنٹ کمشنر سٹی ڈاکٹر زنیرہ آفتاب نے بنی کے علاقے میں مختلف گوشت کی دکانوں اور آٹا چکیوں کا دورہ کیا اور قیمتوں کا جائزہ لیا اور ناجائز منافع خوری میں ملوث 7 دکانداروں کو گرفتار کیا، ایک ایف آئی آر درج کی اور مجموعی طور پر 27 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا انہوں نے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں اور معیار کا بھی جائزہ لیا اور شہریوں سے قیمتوں کے بارے میں دریافت کیا انہوں نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ نرخ نامے نمایاں طور پر آویزاں کئے جائیں۔

آئی جی اسلام آباد احسن یونس کا کھلی کچہری کا انعقاد

شہریوں اور پولیس ملازمین کے مسائل سن کر حل کے احکامات جاری کئے

پولیس شہریوں کی سہولیات کے لئے مختلف اقدامات اٹھا رہی ہے

کھلی کچہری کے روزانہ کی بنیاد پر انعقاد سے مسائل کو حل کرنے میں مدد مل رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد محمد احسن یونس کا کھلی کچہری کے انعقاد کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے روزانہ کے بنیاد پر شہریوں اور پولیس ملازمین کے مسائل سنے اور ان کے حل کیلئے موقع پر ہی ہدایت جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد احسن یونس کا روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے، منگل کے روز سنٹرل پولیس آفس میں شہریوں اور پولیس ملازمین کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے موقع پر ہی ہدایات جاری کیں، انہوں نے کہا کہ وہ شہریوں کے مسائل کے فوری اور ترجیحی بنیادوں پر حل کے لئے روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد (بقیہ نمبر 53)

پولیس اہلکار لاہور ہائی کورٹ کے داخلی راستے پر حفاظتی ڈیوٹی پر تعینات ہیں

راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ کے خلاف کاروائی میں 5 ملزمان گرفتار کرلیا

راولپنڈی (اے ایف بی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ کے خلاف کاروائی میں 5 ملزمان گرفتار کر کے اسلحہ وایمونیشن اور خنجر برآمد کرلیا تھانہ ایئر پورٹ پولیس نے محمد ثقلین سے 1 پستول 30 بور مع ایمونیشن جبکہ علی رضا سے خنجر، تھانہ نصیر آباد پولیس نے دانیال حیدر سے 1 پستول 30 بور مع ایمونیشن، تھانہ روات پولیس نے محمد علی سے 1 پستول 30 بور مع ایمونیشن جبکہ تھانہ ریس کورس پولیس نے ہارون دانیال سے 1 پستول 30 بور مع ایمونیشن برآمد کرلیا۔

شہباز شریف کا تنازعہ کشمیر بارے بیان، بی جے پی بوکھلاہٹ کا شکار

تنازعہ کشمیر کے حل کو بھارت کے ساتھ تعلقات کی بحالی کیلئے ناگزیر قرار دینے پر نومنتخب وزیراعظم شہباز شریف پر شدید تنقید

شہباز شریف کو کشمیر کے مسئلے کو اٹھانے کی بجائے اپنے ملک کو درپیش مشکلات پر توجہ دینی چاہیے، بی جے پی رہنما

نئی دہلی (آئی آئی پی) نومنتخب وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کے گزشتہ روز قومی اسمبلی میں افتتاحی خطاب، جس میں انہوں نے بھارت کے ساتھ پرامن تعلقات کو دیرینہ تنازعہ کشمیر کے حل سے منسلک کیا تھا، نے بھارت میں بھارتیہ جنتا پارٹی کو بوکھلاہٹ کا شکار کر دیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بی جے پی کے رہنما کویندر گپتا جنہوں نے مقبوضہ کشمیر کے نائب وزیراعلیٰ کے طور پر بھی خدمات سرانجام دی ہیں تنازعہ کشمیر کے حل کو بھارت کے ساتھ تعلقات کی بحالی کیلئے ناگزیر قرار دینے پر نومنتخب وزیراعظم پاکستان شہباز شریف پر شدید تنقید کی ہے۔ انہوں نے شہباز شریف کی طرف سے تنازعہ کشمیر کے ذکر کو پاکستان کو درپیش اندرونی مسائل سے توجہ ہٹانے کی ایک (بقیہ نمبر 54)

وزیراعظم شہباز شریف عارضی بحران میں قابو پالیں گے، پیر سید اظہار بخاری

راولپنڈی (اے ایف بی) چیئرمین امن کمیٹی ممتاز مذہبی سکالر علامہ پیر سید اظہار بخاری نے وزیراعظم شہباز شریف کو وزارت عظمیٰ کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف عارضی بحران میں قابو پالیں گے۔ ان کے دور حکومت میں معیشت میں استحکام آئیگا۔ انہوں نے اپنے مختصر خطاب میں ریلیف دیکر قوم کے دل جیت لیے۔ عوام کو ذہنی سکون مل گیا۔ عالمی دنیا کے مبارکباد کے فون آنا اس بات کی دلیل ہے۔ عالمی دنیا سے تعلقات بہتر ہونگے۔ ان کے آنے سے ملک میں (بقیہ نمبر 56)

ٹریفک پولیس نے موصول ہونیوالی شکایات کا بروقت ازالہ کردیا

74.8 فیصد شہری ٹریفک پولیس کے بروقت اقدامات سے مطمئن ہیں، ایس ایس پی ٹریفک

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی ٹریفک مظہر اقبال نے کہا ہے کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس نے پی ایم پورٹل پر گزشتہ ایک ماہ کے دوران موصول ہونے والی شکایات کا بروقت ازالہ کیا جس سے 74.8 فیصد شہری ٹریفک پولیس کے بروقت اقدامات سے مطمئن ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ٹریفک پولیس نے پی ایم پورٹل پر موصول ہونے والی مختلف نوعیت کی موصول ہونے والی شکایات کا فوری ازالہ کردیا۔ ایس ایس پی ٹریفک مظہر اقبال نے بتایا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس کو پی ایم پورٹل پر گزشتہ ایک ماہ کے (بقیہ نمبر 55)

کراچی، سبزی مارکیٹ میں ایک دکاندار سبزیاں فروخت کے لئے سجا رکھی ہیں

راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی میں 7 ملزمان گرفتار کرلیا

راولپنڈی (اے ایف بی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی میں 7 ملزمان گرفتار کر کے 4 کلو 700 گرام چرس برآمد کرلی تھانہ صادق آباد پولیس نے محمد کاشف کو گرفتار کر کے 1 کلو 400 گرام چرس، تھانہ سول لائنز پولیس نے محمد یاسر سے 130 گرام چرس، تھانہ گوجرخان پولیس نے آصف سے 800 گرام چرس، وحید سے 350 گرام چرس، تھانہ صدر بیرونی پولیس نے عدنان سے 130 گرام چرس، تھانہ روات پولیس نے امان اللہ سے 590 گرام چرس جبکہ تھانہ کوٹلی ستیاں پولیس نے نوید احمد سے 1 کلو 320 گرام چرس برآمد کرلی۔

اب تبدیلی نہیں، انقلاب آرہا ہے، سینیٹر فیصل جاوید

آیئے عمران خان کی کال پر فوری نئے انتخابات کے لیے مہم کا حصہ بنیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر فیصل جاوید نے کہا ہے کہ اب تبدیلی نہیں بلکہ انقلاب آرہا ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں فیصل جاوید نے کہا کہ آیئے عمران خان کی کال پر فوری نئے انتخابات کے لیے مہم کا حصہ بنیں اور امپورٹڈ حکومت کو مسترد کردیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی زیر قیادت اس مہم کا آغاز انشا اللہ (آج) بدھ کو پشاور سے ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کے گرینڈ جلسے پشاور کے بعد کراچی اور پھر لاہور میں ہوں گے۔